Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 — جمعرات، 10 جولائی 2025ء، 14 محرم الحرام 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 108

چار سال پنجاب میں کرپشن، نااہلی اور لوٹ مار کا سیاہ ترین دور تھا: عظمیٰ بخاری

جس آڈٹ رپورٹ کا ڈھنڈورا پی ٹی آئی والے پیٹ رہے وہ بزدار اور پرویز الٰہی دور کی ہے، جس 10 کھرب کا واویلہ یہ لوگ کر رہے وہ 2018 سے 2023 کی گندم خریداری اور سبسڈی کا ہے

12 سال سے جو لوٹ مار خیبر پختونخواہ میں ہو رہی، چار سال پنجاب میں وہی لوٹ مار ہوئی، مسٹر جعلی دانشور آڈٹ رپورٹ غور سے پڑھیں اس میں پی ٹی آئی قیادت کا کچا چٹھا ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر سیف کے حالیہ بیان پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسٹر جعلی دانشور آڈٹ رپورٹ کو غور سے پڑھیں، اس میں آپ کی قیادت کا کچا چٹھا درج ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی جن اعداد و شمار کو بنیاد بنا کر پروپیگنڈہ کر رہی ہے، وہ دراصل بزدار اور پرویز الٰہی کے دور کی آڈٹ رپورٹ ہے۔ صفحہ نمبر 7 اور 8 (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی، خالد حسین مگسی، اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت، اورنگزیب خان کھچی، اپنی وزارتوں کے درمیان باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ، سمری وزیراعلیٰ کو ارسال

وزیراعلیٰ مریم نواز کی منظوری کے بعد محکمہ خزانہ تنخواہوں کا بجٹ جاری کرے گا

لاہور (این ای این) پنجاب کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافہ کی سمری وزیراعلیٰ پنجاب کو ارسال کر دی گئی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی منظوری کے بعد محکمہ خزانہ تنخواہوں کا بجٹ جاری کرے گا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے گزشتہ ماہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافے کی منظوری دے دی تھی جبکہ ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں 5 فیصد اضافہ کرنے کی (بقیہ نمبر 6)

پاکستان کا ٹیکس 2 جی ڈی پی تناسب خطے میں کم ترین قرار

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے ٹیکس نظام کے بارے میں رپورٹ جاری کر دی

اسلام آباد (این ای این) وفاقی حکومت کی جانب سے متعارف کروائی جانے والی اصلاحات کے باوجود پاکستان کا ٹیکس 2 جی ڈی پی تناسب خطے کے دیگر ممالک سے کم ہے جب کہ نئے فائلرز کی اکثریت نے یا تو کم آمدنی (بقیہ نمبر 9)

حکومتی اور دفاعی اداروں پر بھارتی سائبر حملوں کا خدشہ

سائبر سیکورٹی ایڈوائزری جاری، سائبر حملہ آور میلویئر وائرس کی حامل مشکوک فائل پہلگام واقعے کے نام سے بھیجتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی ہیکرز پہلگام واقعے کی آڑ میں بھی حکومتی ڈیٹا حاصل کرنے کے لیے سرگرم ہوگئے، حکومتی اور دفاعی اداروں پر بھارتی سائبر حملوں کے خدشے پر کابینہ ڈویژن نے سائبر سیکورٹی ایڈوائزری جاری (بقیہ نمبر 8)

بطور خاتون میں فاطمہ جناح کو رول ماڈل سمجھتی ہوں، وزیراعلیٰ

مادر ملت کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پنجاب کی بیٹیوں کو بااختیار بنا رہے ہیں، مریم نواز کا خراج عقیدت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ فاطمہ جناح کی شخصیت پاکستان کی خواتین کے لئے ہمت، کردار اور وقار کی علامت ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح (بقیہ نمبر 7)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا سرکاری سکولوں میں پہلی مرتبہ وین/بس سروس متعارف کرانے کا فیصلہ

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ریکارڈ قائم

سکول بس سروس کیلئے جامع پلان طلب، سرکاری سکولوں میں ڈسپلن، کلاس روم، لیب اور معیار تعلیم کی بنیاد پر "سکول آف منتھ" اور اساتذہ کو "ٹیچر آف منتھ" ایوارڈ دینے کا فیصلہ

آن ویل مونٹیسری سکول پراجیکٹ تیار کرنے کا حکم، نواز شریف سنٹر آف ایکسی لینس میں بچوں کی تعداد 240 سے 1500 کرنے کی ہدایت، کوالٹی آف ایجوکیشن کیلئے ٹیچرز کی معیاری ٹریننگ اشد ضروری

سرکاری سکولوں کا معیار اچھے پرائیویٹ سکولوں سے بھی بہتر بنانا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ کی زیرصدارت سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا اجلاس، آؤٹ سورس سکولوں، میل پروگرام اور نواز شریف سنٹر آف ایکسی لینس کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں آؤٹ سورس سکولوں، سکول میل پروگرام اور دیگر پراجیکٹس کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پہلی مرتبہ ڈسپلن، کلاس روم، لیب اور معیار تعلیم کی بنیاد پر "سکول آف منتھ" اور بہترین کارکردگی پر "ٹیچر آف دی منتھ" ایوارڈ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آن ویل مونٹیسری سکول پراجیکٹ (بقیہ نمبر 14)

رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 44 لاکھ 28 ہزار 577 ہو گئی

خواتین ووٹرز کی تعداد 6 کروڑ 23 لاکھ 4 ہزار 368 ہے، اعداد و شمار

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) ملک بھر میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 44 لاکھ 28 ہزار 577 ہو گئی۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق الیکشن کمیشن نے ملک ووٹرز کے نئے اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ ملک میں رجسٹرڈ مرد ووٹرز کی (بقیہ نمبر 10)

16 سالہ لڑکی کے قتل کا معاملہ، مقتولہ کے والد کو تحویل میں لے لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ روات کے علاقہ میں 16 سالہ لڑکی کے قتل کا معاملہ، پولیس نے مقتولہ کے والد کو تحویل میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ روات (بقیہ نمبر 11)

حکومت کا کسانوں کو آسان قرض کی سہولت دینے کا اعلان

زرعی فنانسنگ کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا، زرعی اصلاحات پر عمل درآمد کا آغاز کسانوں کو آسان قرضوں کی سہولت سے کیا جائے گا

زرعی اصلاحات کے شعبے میں زرعی اجناس کے علاوہ لائیو سٹاک سیکٹر کی اصلاحات پر بھی بھرپور توجہ دی جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ زرعی شعبے میں پائیدار اصلاحات سے ملکی معیشت کو مزید فروغ ملے گا، زرعی فنانسنگ کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا، زرعی اصلاحات پر عمل درآمد کا آغاز کسانوں کو آسان قرضوں کی سہولت سے کیا جائے گا، زرعی اصلاحات کے شعبے میں زرعی اجناس کے علاوہ لائیو سٹاک سیکٹر (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ترکیہ کے دفاعی وفد کا ایئر ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

جدید تربیت اور ایرو اسپیس ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے پاک فضائیہ کے پختہ عزم کا اعادہ کیا

جمہوریہ ترکیہ کے وزیر دفاع یاسر گلر کی سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) جمہوریہ ترکیہ کے وزیر دفاع، جناب یاسر گلر کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی دفاعی وفد نے آج ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کے دورے کے دوران سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقائی سلامتی کی صورتحال، موجودہ دفاعی تعاون میں پیشرفت اور جدید عسکری شعبوں میں تعاون کے امکانات سے متعلق تبادلہ خیال کیا (بقیہ نمبر 1)

جمہوریہ ترکی کے وزیر دفاع جناب یاسر گلر نے ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، 60 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے 60 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے دو ملزمان کو حراست میں لے کر 50 لیٹر شراب برآمد کی، گوجر خان پولیس نے ایک ملزم کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کرکے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ ڈویژنل ایس پی پیرز کا کہنا تھا کہ شراب کے (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد میں 5 کرکٹ اکیڈمیز کے قیام کا فیصلہ

اسلام آباد شہر میں کھیلوں کے فروغ، ہوٹل انڈسٹری کی ترقی اور سیاحت سے متعلق موجودہ اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

کمرشل پلاٹس کی آنے والی نیلامی میں حصہ لینے والے سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ڈی اے کے ممبر ایڈمن و اسٹیٹ طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر انوائرمنٹ اسفند یار بلوچ، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر پلاننگ ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈی جی ریسورس، ڈپٹی ڈی جی انفورسمنٹ اور ڈائریکٹر ڈی ایم اے سمیت دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی ڈی اے کے کمرشل پلاٹوں کی 15 سے (بقیہ نمبر 2)

پولیس کے افسروں، اہلکاروں پر ٹک ٹاک بنانے پر پابندی عائد

ایڈیشنل آئی جی لیول کے افسران بھی ٹک ٹاک کی ایڈکشن میں مبتلا ہیں

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس کے تمام افسران و اہلکاروں کو پابند کیا گیا ہے کہ آئندہ وہ کسی (بقیہ نمبر 21)

وزیراعظم شہباز شریف سے جمہوریہ ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان اور وزیر برائے قومی دفاع یاسر گلر نے ملاقات کی

حج 2026ء کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں دو دن کی توسیع کا اعلان

3 لاکھ 13 ہزار افراد نے آئندہ سال حج کی رجسٹریشن کی ہے، ترجمان وزارت مذہبی امور

لاہور (این این آئی) حکومت نے حج 2026ء کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں دو دن کی توسیع کا اعلان کر دیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق نامزد بینکوں (بقیہ نمبر 22)

سی ڈی اے اور باکو کی ٹیمیں مل کر شہر کی خوبصورتی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں

سرینگر ہائی وے، میلوڈی مارکیٹ اور سید پور ولیج کی تزئین و آرائش سمیت سی ڈی اے ماڈل نرسری کی اپ گریڈیشن کا کام تیزی سے جاری ہے

نرسری کے ملازمین کو خصوصی تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ مستقبل میں اس جدید نرسری کو بہترین طریقے سے چلا سکیں، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے)، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں باکو کے ہارٹیکلچر ماہرین، سی ڈی اے کے ممبر ایڈمنسٹریشن و اسٹیٹ طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر انوائرمنٹ اسفندیار بلوچ، ممبر انجینئرنگ سید نفاست (بقیہ نمبر 4)

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، 9 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے 9 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے منشیات سپلائر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، زیر حراست ملزم اقدام قتل، اغواء، ناجائز اسلحہ اور جان سے (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: ثمر ہارون بلور نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات میں مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کر لی

چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاریوں (بقیہ نمبر 13)

سی سی ڈی کے ملازمین اور افسران کو ایک اضافی تنخواہ دینے کا اعلان

ڈیپوٹیشن پر سی سی ڈی میں آنے والے ملازمین کو الاؤنس نہیں دیا جائے گا، مراسلہ

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کے الاؤنس کا اجراء کر دیا گیا۔ مراسلے کے مطابق ڈیپوٹیشن پر سی ڈی میں آنے والے ملازمین (بقیہ نمبر 17) اسکیل کے مطابق ایک اضافی تنخواہ دی جائے گی افسران اور ملازمین کو 2011ء کے بنیادی پے

کوئی بھی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو نشانہ بنانے کی جرات نہیں

ریاستی سرپرستی میں دہشتگردی کو بھارت نے بطور پالیسی پاکستان کیخلاف اپنایا ہوا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

فتنہ الخوارج کا اسلام، انسانیت، پاکستان یا پاکستانی روایات سے کوئی تعلق نہیں، ترجمان پاک فوج

راولپنڈی (این ای این) ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ کوئی بھی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو نشانہ بنانے کی جرات نہیں کر سکتا، پاکستان کا ایٹمی پروگرام مکمل طور پر محفوظ ہے۔ غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی جوہری صلاحیت ناقابل تسخیر ہے، یہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں اور موجودہ علاقائی توازن (بقیہ نمبر 23)

ترسیلات زر میں 26.6 فیصد کا اضافہ انتہائی خوش آئند اضافہ ہے

وزیراعظم کا گزشتہ مالی سال میں تاریخ کی بلند ترین ترسیلات زر پر اظہار تشکر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گزشتہ مالی سال میں تاریخ کی بلند ترین ترسیلات زر پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ بیرون ملک پاکستانیوں کی قابل قدر خدمات اور ان کے پاکستانی معیشت (بقیہ نمبر 18)

سپیکر قومی اسمبلی کی آذربائیجان کے وزیراعظم علی اسدوف سے ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف کی ای سی او اجلاس میں شرکت دونوں ممالک میں یکجہتی اور خیر سگالی کی علامت ہے، سردار ایاز صادق

سپیکر سردار ایاز صادق نے ای سی او سربراہی اجلاس کے کامیاب انعقاد پر وزیراعظم آذربائیجان کو مبارکباد دی

باکو (احمد ضمیر سے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی قیادت میں پارلیمانی وفد نے آذربائیجان کے وزیراعظم علی اسدوف سے باکو میں ملاقات کی۔ بدھ کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران سپیکر سردار ایاز صادق نے صدر الہام علیوف اور سپیکر صاحبہ غفاروا سے حالیہ ملاقاتوں کو مثبت اور تعمیری قرار دیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے ای سی او سربراہی اجلاس کے کامیاب انعقاد پر وزیراعظم آذربائیجان کو مبارکباد دی۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ای سی او اجلاس میں شرکت دونوں ممالک میں یکجہتی اور خیر سگالی کی علامت ہے۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر (بقیہ نمبر 3)

باکو: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق آذربائیجان کے وزیراعظم علی اسدوف سے باکو، آذربائیجان میں کابینہ کے وزراء کے اجلاس میں مصافحہ کر رہے ہیں

ایس ایس پی سیف سٹی کا قائم نیشنل سنٹر فار آرٹیفیشل انٹیلی جنس ڈیپارٹمنٹ کا دورہ

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی سیف سٹی نے ٹیم کے ہمراہ نسٹ میں قائم نیشنل سنٹر فار آرٹیفیشل انٹیلیجنس ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے این سی (بقیہ نمبر 25)

فیک انرولمنٹ ناقابل قبول ہے، رانا سکندر حیات

ایسے ضلع کے تعلیمی افسران کے خلاف زیرو ٹالرنس ہوگی، وزیر تعلیم

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیرصدارت سکولوں کی بہتری حوالے سے ایک ہفتے میں مسلسل دوسرا اجلاس منعقد ہوا جس میں انہوں نے تمام سی ای اوز کو سکولوں کی بہتری کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی اور سکولوں کی اپ (بقیہ نمبر 24)

زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق منصوبوں کی پیشرفت بارے ایگریکلچر ہاؤس میں جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایپکا اور سٹی لیب کے مابین معاہدہ پر دستخط کی تقریب

اس معاہدے کے تحت تمام سرکاری ملازمین کے لیے میڈیکل ٹیسٹوں میں خصوصی رعایت دی جائیگی

ایم او یو پر دستخط کی تقریب میں سٹی لیب کے سی ای او و سابق صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر بھی موجود تھے

راولپنڈی (احمد ضمیر سے) گریڈ 01 تا 17 کے سرکاری ملازمین کی واحد ملک گیر نمائندہ تنظیم ایپکا اور سٹی لیب کے مابین میڈیکل ٹیسٹس میں خصوصی رعایت کا معاہدہ طے پا گیا، اس معاہدے کے تحت تمام سرکاری ملازمین کو سٹی لیب سے میڈیکل ٹیسٹس کروانے پر خصوصی رعایت دی جائے گی تاکہ وہ اپنا اور اپنے اہل خانہ کا علاج و معالجہ کے سلسلہ میں مطلوبہ و معاون میڈیکل ٹیسٹ رعایتی نرخوں (بقیہ نمبر 26)

4 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے گئے

محمد اجمل بھٹی کو گریڈ 20 میں ترقی دے کر ممبر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ تعینات کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 4 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ تقرری کے منتظر محمد اجمل بھٹی کو گریڈ 20 میں ترقی دے کر ممبر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ تعینات، گریڈ 20 کے افسر ڈائریکٹر جنرل بیورو آف اسٹیٹکس (بقیہ نمبر 19)

13 محرم الحرام کے جلوس کے موقع پر فول پروف سکیورٹی انتظامات

200 سے زائد افسران و اہلکار جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) ڈی سی چکوال سارہ حیات کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او چکوال لفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی ہدایات پر ڈی ایس پی اور ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ کی نگرانی میں 13 محرم الحرام کے جلوس کے موقع پر چوآسیدن (بقیہ نمبر 20)

باکو: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان کے پارلیمانی وفد کے ہمراہ آذربائیجان کے وزیراعظم علی اسدوف سے باکو، آذربائیجان میں ملاقات کی

سرکاری ملازمین کی نمائندہ تنظیم ایپکا اور سٹی لیب کے مابین راولپنڈی میں ایم او یو پر دستخط کے موقع پر سابق صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر، چوہدری ارشد ڈھلوں، واحد عباسی، ملک ارشاد سلطان دیگر کا گروپ فوٹو

عوامی للکار — روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی — عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ہسپتالوں میں ریڈ اینڈ بلیو کوڈ ایمرجنسی سسٹم کا نفاذ

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ میں بہتری کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔ وزیراعلیٰ نے ہسپتالوں میں 2 روز کے اندر ریڈ اور بلیو کوڈ ایمرجنسی سسٹم نافذ کرنے اور ڈاکٹروں کو ریڈ اور بلیو کوڈ سسٹم کی ریہرسل اور ٹریننگ کرانے کی ہدایت کی۔ سی ایم ہیلتھ وجیلنس سکواڈ کے قیام کا اصولی فیصلہ کیا گیا جو ہسپتال کا وزٹ کر کے وزیراعلیٰ کے احکامات پر عملدرآمد کا جائزہ لے گا۔ انہوں نے مرحلہ وار اضلاع میں تربیت یافتہ ڈاکٹرز کی تعیناتی اور کیتھ لیب بنانے کے منصوبے کا بھی جائزہ لیا اور اس پراجیکٹ کی تکمیل تک ڈسٹرکٹ ہسپتالوں میں کنسلٹنٹ اور ہارٹ سرجنز کی موجودگی یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مرتے ہوئے مریضوں کو علاج کیلئے دوسرے شہر جانے کا کہنا ظلم ہے، اب ایسے نہیں ہوگا۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے ریڈ اینڈ بلیو کوڈ کا نفاذ دراصل غریب اور نادار مریضوں کو علاج و صحت کی ہر ممکن سہولیات پہنچانے کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کوڈ کے نفاذ کے بعد مریضوں کو سرکاری ہسپتالوں میں فوری توجہ مل سکے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے غریب عوام کو علاج معالجے کی سہولیات بہم پہنچانے کے اقدامات اپنی جگہ قابل ستائش ہیں، جس میں شک کی گنجائش بھی نظر نہیں آتی۔ مگر حقیقت یہ ہے ان تمام اقدامات کے باوجود سرکاری ہسپتالوں میں عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، ایمرجنسی میں ادویات نہیں، اگر ہیں تو عملہ نہیں، جو عملہ موجود ہوتا ہے تو وہ مریضوں کے تناسب سے ناکافی ہوتا ہے جس کی وجہ سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور بہت سے مریض بروقت طبی سہولت نہ ملنے کے باعث زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ اس امر کا بین ثبوت گزشتہ دنوں ڈی ایچ کیو پاکپتن میں 20 بچوں کی اموات ہیں۔ اس افسوسناک واقعہ کے بعد جب وزیراعلیٰ نے پاکپتن کے ڈسٹرکٹ ہسپتال کا دورہ کیا تو وہاں موجود سینکڑوں مریضوں نے انکے سامنے شکایات کے انبار لگا دیئے۔ اس واقعہ سے وزیراعلیٰ مریم نواز کو یقیناً خود اندازہ ہو گیا ہوگا کہ انکی سخت ہدایات اور عوام کو صحت کی بہتر سہولیات پہنچانے کے ہر ممکن اقدامات کے باوجود سرکاری ہسپتالوں میں مریض کس طرح خوار ہو رہے ہیں۔ ریڈ اینڈ بلیو کوڈ کے نفاذ سے امید کی جاسکتی ہے کہ سرکاری ہسپتالوں سمیت پنجاب کے ہر شعبہ صحت میں بہتری آئیگی اور عوام کو سستی اور معیاری سہولیات میسر ہونگی اور انکی دیرینہ شکایات کا ازالہ بھی ہو سکے گا

محرم الحرام۔۔۔۔یوم عاشور اور فول پروف سکیورٹی انتظامات



اے آر طارق

محرم الحرام میں سکیورٹی و انتظامی معاملات کا جائزہ لینے کے لیے تحصیل کوٹ رادھا کشن میں ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کے واضح احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن سہیل ریاض چھینہ کی زیرصدارت ایک اہم میٹنگ اے سی آفس میں منعقد ہوئی، جس میں ڈی ایس پی محمد افضل ڈوگر، ایس ایچ او سید ابرار شاہ، سربراہان امام بارگاہ، سرکاری اداروں کے افسران، تمام مکاتب فکر کے علماء کرام، ممبران امن کمیٹی مولانا محمد احمد برکاتی، میاں سیف اللہ خالد، مولانا محمد ارشاد، ندیم اقبال شاہ، شہباز مغل، شوکت الرحمان نے بھی شرکت کی۔ میٹنگ میں شرکاء نے اپنی آراء و تجاویز پیش کیں اور محرم الحرام اور یوم عاشور کے پرامن انعقاد کے لیے بہترین سکیورٹی کی فراہمی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس میٹنگ میں اسسٹنٹ کمشنر کی طرف سے تمام اداروں کو ہدایات کی گئی کہ امام بارگاہوں اور جلوس کے روٹس کی صفائی ستھرائی، پانی کی نکاسی، صاف ستھرا مکمل تجاوزات فری روڈ، متعلقہ روٹس کے راستے پر بجلی کی لٹکتی اور آس پاس سے گزرتی دیواروں کے ساتھ موجود ننگی تاروں پر حفاظتی کور، چیکنگ، سویپنگ ہر مجلس سے پہلے مکمل کی جائے۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ایمرجنسی عملہ و ڈاکٹرز موجود رہیں۔ فوری طبی امداد کو یقینی بنایا جائے۔ متعلقہ ادارے جلوس سے پہلے تمام راستوں کی بی ڈی اور کلیئرنس کریں۔ ایمبولنس، 1122 سروس، فائر بریگیڈ کی گاڑیاں جلوس کے ہمراہ رہیں۔ سی سی ٹی وی کیمروں اور کنٹرول رومز کو فعال اور میٹرنگ پر رکھا جائے۔ محرم الحرام خصوصاً 9,10 محرم کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ بجلی سے متعلقہ کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال سے نپٹنے کے لیے جلوس کے تمام راستوں پر لیسکو کے سٹاف کو ہائی الرٹ رہنے، تمام لینڈ لائن/ پی ٹی سی ایل کے شکایت نمبر ہمہ وقت فعال رکھنے، بجلی کی سپلائی منقطع ہونے کی صورت میں ٹرانسفارمر ٹرالیاں ساتھ رکھنے، ذوالجناح کے روٹس پر افسران و عملہ کو اپنی ڈیوٹی پر موجود رہنے کی ہدایات کی۔ محرم الحرام کی خصوصی اہم میٹنگ میں عوام کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کے لیے اداروں کو تمام تر خاطر خواہ انتظامات یقینی بنانے اور محرم میں امن و امان برقرار رکھنے کی تلقین کی۔ اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ احکام کو دیں تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت نپٹا جائے۔ انہوں نے تمام مکاتب فکر کے علماء سے محرم الحرام کے حوالے سے ایک ضابطہ اخلاق جاری کرتے ہوئے درخواست کی ہے کہ محرم الحرام کے دوران امن، بین المسالک ہم آہنگی اور باہمی تعاون اور احترام کو یقینی بناتے ہوئے امن وامان کے حوالے سے اس ضابطہ اخلاق پر عمل کریں۔ انہوں نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے آغاز کے ساتھ ہی ضلع قصور میں تمام تر ضروری سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ محرم الحرام کے ایام میں امن و امان کو برقرار رکھنا تمام اداروں اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ امید ہے کہ عوام پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔ ایس ایچ او تھانہ کوٹ رادھا کشن سید ابرار شاہ کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ محرم الحرام کے تقدس کے پیش نظر علاقے بھر میں سکیورٹی انتظامات کو بہتر کر دیا ہے۔ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔ DPO قصور محمد عیسیٰ سکھیرا کے حکم کے مطابق محرم الحرام میں مجالس، محافل اور امام بارگاہوں کے باہر پولیس کے جوان تعینات ہوں گے اور فول پروف سکیورٹی مہیا کی جائے گی۔ کوٹ رادھا کشن میں محرم الحرام خصوصاً یوم عاشور پر سکیورٹی کے حوالے سے فول پروف انتظامات دیکھنے کو ملے ہیں۔ محرم الحرام یوم عاشور کے جلوس کی سکیورٹی کے لیے کوٹ رادھا کشن میں خاصی تعداد میں پولیس اہلکار تعینات تھے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں عشرہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تاریخ ساز اقدامات کیے گئے ہیں۔ عشرہ محرم الحرام کے دوران پنجاب میں پہلی بار سائبر پٹرولنگ اور فوری ریسپانس فورس کی تعیناتی کی گئی ہے۔ محرم میں پنجاب بھر میں ایک لاکھ 0 1 ہزار سکیورٹی اہلکار تعینات ہیں۔ 38 ہزار 217 محرم مجالس کی سکیورٹی کے لیے 79 رینجرز اور 59 آرمی کی کمپنیاں تعینات ہیں۔ محرم سے متعلق انتظامات اور سکیورٹی کی سیف سٹی کیمروں سے مکمل نگرانی ہو رہی ہے۔ شدید گرمی کے پیش نظر جلوسوں میں ٹھنڈے پانی کی سبیلوں کا انتظام ہے۔ فیلڈ ہسپتال، ریسکیو 1122 کلینکس آن ویلز اور فائر بریگیڈ کا عملہ ہمہ وقت دستیاب ہے۔ پنجاب بھر میں یکم تا 10 محرم الحرام امن و امان کو یقینی بنانے اور مذہبی منافرت کی روک تھام کے لیے دفعہ 144 کا نفاذ کیا گیا ہے۔ اسلحے کی نمائش پر مکمل پابندی لگائی گئی ہے۔ مذہبی منافرت پر مبنی نعروں، مواد کی اشاعت، تقریر و ترویج پر مکمل پابندی، جلوس کے راستوں میں گھروں اور بلند عمارتوں پر مورچہ بندی پر پابندی، نو دس محرم کو موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر مکمل پابندی عائد ہے۔ مجالس و جلوس کے طے شدہ پروگرام و روٹس میں تبدیلی منع ہے۔ ڈرون کیمروں کے استعمال پر مکمل پابندی عائد ہے۔ سوشل میڈیا پر فیک نیوز اور افواہیں پھیلانے والے افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی کا واضح حکم ہے۔ حکومت پنجاب کے محرم الحرام میں امن و امان کو یقینی بنانے کے حوالے سے اقدامات انتہائی شاندار اور مثالی ہیں۔ انتظامیہ تحصیل کوٹ رادھا کشن نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کے واضح احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ کی زیرصدارت محرم الحرام یوم عاشور کے موقع پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے ہیں جو ایک خوش آئند بات ہے۔ محرم الحرام، یوم عاشور پر بہترین اور مثالی انتظامات کرنے پر پولیس سمیت تمام ادارے اور ان کے افسران خراج تحسین پیش کیے جانے کے قابل ہیں۔

چوآ سیدن شاہ مسائل کے حل کا منتظر

تحریر۔۔خاور شہزاد

چوآ سیدن شاہ میں حال ہی میں تبدیل ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ اپنی تعیناتی کے دوران کوئی خاص کارکردگی نہ دیکھا سکے۔ شاید خاص کا لفظ یہاں بچ نہیں رہا

عوامی خدمت کے حوالے سے عوامی اعتماد حاصل کرنے میں ناکام رہے۔

موصوف کی توجہ عوامی خدمت کی بجائے مضبوط بادی مسلز بنانے کے لیے بلاناغہ جم پر رہی۔

اپنی تعیناتی کے دوران ایک دن بھی ایسا نہ تھا جب عوام کو ناجائز منافع خوروں سے ریلیف دلوانے کی غرض سے فروٹ منڈی یا سبزی منڈی کا وزٹ کیا ہو؟؟؟۔ موصوف کو جو بھی مقامی صحافیوں سمیت کوء بھی شہری وٹس ایپ پہ عوامی مسائل کی نشاندہی کرتا تو اسسٹنٹ کمشنر صاحب اسے بلاک کر دیتے۔ اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ کے فیس بک پر عوام کو جواب دہ ہونے سے بھی قاصر رہے جدھر عام آدمی کومنٹ کے ذریعے اپنے مسائل سے آگاہ کر سکے یہی وجہ ہے کہ عام آدمی اسسٹنٹ کمشنر جو آتے ہی عوامی خدمت کے لیے ہیں اے سی صاحب کی شفقت سے محروم رہے

یہاں افسران بالا کی توجہ ضرور دلوانا چاہوں گا کہ راقم کا کی دفعہ اسسٹنٹ کمشنر آفس میں آمنا سامنا ہوا کہ آپ اپنی روزانہ کی کارکردگی فیس بک پیج پر شو کیا کریں یا مقامی صحافیوں کو آگاہ کیا کریں تو جواب سن کر آپ بھی حیران ہونگے کہ میں سوشل میڈیا سے ذرا دور ہی رہتا ہوں لیکن اے سی صاحب کی جم جا کر دوسروں کے ساتھ ٹک ٹاک بنوانا تو پسند کرتے لیکن اپنی عوامی خدمت کو اسسٹنٹ کمشنر پیج پر دیکھانا ناگوار سمجھتے اسسٹنٹ کمشنر کا فیس پیج بک بھی کوء ایسا عوام دشمن ہینڈل کر رہا ہے جو چاہتا ہی نہیں کہ عوام اور آفیسر کے درمیان اعتماد کی فضا بہتر ہو اور عوام مقامی انتظامیہ کی ناقص کارکردگی کی شکایت کر سکے بہرحال معاملہ ادھر ہی جب آفیسر خود چاہے کہ عوام اس کی کارکردگی کے گیت گائے تو پھر کسی ملازم کی کیا جرات کہ وہ عوام کی آفیسر تک رساء کے لیے رکاوٹیں کھڑی کرے

ویسے تو کسی کی ذاتی سرگرمیوں میں دخل دینا اخلاقیات کی خلاف ورزی ہے لیکن اگر ذاتی سرگرمیوں کے لیے آپ ذاتی خرچ کی بجائے سرکاری دی گ ء سہولیات کا بے دریغ استعمال کریں گے تو عوام شکوہ کرنے کا حق رکھتے ہیں اور کء سوال بھی جنم لیتے ہیں موصوف روزانہ کی بنیاد پر عوام کے ٹیکس پہ چلنے والی ص سرکاری ویگو ڈالا گاڑی پر ایک سیکورٹی گارڈ۔ سرکاری ڈرائیور کے ہمراہ روزانہ کی بنیاد پر جم پہ تو جاتے تھے لیکن یہ بھی گوارہ نہ سمجھا کہ عوامی خدمت کو بھی ترجیح دی جائے جو ان کی تعیناتی کا اصل مقصد ہے اور روزانہ کی بنیاد پر ناجائز منافع خوری کو کنٹرول کرنے کے لیے انسپکشن کے لیے فیلڈ میں جایا جائے لیکن فیلڈ میں وزٹس برائے نام ہی رہے کء دفعہ تو عوام بھی سوچنے پر مجبور ہو جاتی کہ اس تحصیل میں کوء اسسٹنٹ کمشنر بھی ہے کیوں کہ موصوف ک ءک ء ہفتے عوام کی نظروں سے اوجھل رہتے اس سے قبل جتنے بھی اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ میں تعینات رہے اکثریت میں سبزی منڈی فروٹ وزٹ کرنے ضرور جاتے یہاں تک کہ خاتون فی میل اسسٹنٹ کمشنر بھی صبح فجر ٹائم سبزی منڈی چکوال پہنچ جاتی تھی تاکہ مہنگاء میں پسی عوام کے لیے مصنوعی مہنگاء کو کنٹرول کیا جا سکے۔

مختصر یہ کہ حال ہی میں تبدیل ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر حماد حامد کی تعیناتی کے دوران ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھوٹ رہی اور عام آدمی مستقل پریشان ہی رہا دوسری طرف اگر ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کی بات کی جائے تو اس کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان ہی بنا رہا جب اوپر سے آرڈر آتے تو ریڑھی یا ٹھیے والوں کو وقتی طور پر ہٹا دیا جاتا جب فوٹو سیشن مکمل ہو جاتا تو اگلے ہی روز تجاوزات وہاں کی نظر آتی۔ پورے پنجاب میں ناجائز کے خلاف آپریشن ہوا مگر چوآ سیدن شاہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے اس احسن اقدام سے محروم ہی رہا۔ اگر عوامی آفیسر عوامی خدمت سے سرشار ہو کر عوام کی اچھے انداز میں خدمت کرے تو عوامی و سماجی حلقوں میں خوب سراہا جاتا ہے لیکن اگر ویژن عوامی خدمت کی بجائے کچھ اور ہو تو عوام بھی ایسے آفیسر کو قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھتی یہ پہلی دفعہ نہیں ہوا بلکہ اس سے قبل بھی آپ کو کء مثالیں ملیں گی

امید رکھتے ہیں کہ چوآ سیدن شاہ میں نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر عمر سرور عوام کا اعتماد حاصل کرنے میں کامیاب ہونگے مہنگائی کی چکی میں پسی عوام کو ناجائز منافع خوروں سے نجات دلوائیں

چوآ سیدن شاہ میں سرگرم مفاد پرست ٹولے اور گلدستہ گروپ سے فاصلہ رکھتے ہوئے عوامی خدمت کے لیے ٹھوس اقدامات کریں گے۔۔

آدھا سچ (افسانچہ)

فاطمہ سرور

"وقت کا پہیہ آخر کب آخری سانس بن کر نمودار ہوگا؟" "شاہ بلوط نے سنبل سے کہا۔

"تم کیوں اپنی قیمتی مسکراہٹ اور نازک دل خراب کرتے ہو؟" سنبل جو اس سے کئی گنا لمبا، تروتازہ نظر آ رہا ہے نے وجہ پوچھی۔

"مجھے یہ خزاں کی زردی کہیں کا رہنے نہیں دے رہی۔" شاہ بلوط نے دل سوز لہجے میں کہا۔

سنبل نے شاہ بلوط کو اشارہ دیا۔ "وہ دیکھو شیشم کو کس قدر آرام سے اپنی بربادی کا تماشا دیکھ رہا ہے۔ اسے یقین ہے کہ اس کا ٹوٹا دامن بہار کی آمد سے کھل اٹھے گا۔" سنبل نے سمجھایا۔

"سنبل کا آدھا سچ شاہ بلوط کو بہلا سکتا ہے مگر مجھے نہیں۔" دور کھڑے شیشم نے دل میں کہا۔

شوبز SHOWBIZ

ذاتی حملے کرنے پر نادیہ خان کا فنکاروں کو سخت جواب

نادیہ خان نے خبردار کیا ہے کہ اگر آئندہ ایسا ہوا تو قانونی چارہ جوئی کی جائے گی



لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ اور مارننگ شو کی میزبان نادیہ خان نے ان فنکاروں اور اسٹرز کو دوٹوک پیغام دے دیا ہے جو ان پر ذاتی نوعیت کے تبصرے کر رہے ہیں، اور خبردار کیا ہے کہ اگر آئندہ ایسا ہوا تو قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ نادیہ خان نے شوبز میں بطور اداکارہ اپنے سفر کا آغاز کیا، مگر ان کی اصل شناخت مارننگ شوز کے ذریعے بنی، جہاں وہ خواتین کیلئے خصوصی سیگمنٹس کے ساتھ اسکرین پر نظر آتی ہیں۔ ان کا شو نہ صرف عوام بلکہ شوبز شخصیات کی تنقید کا بھی مرکز بنتا رہا ہے۔

دیپیکا پڈوکون نے امیتابھ بچن، بولی وڈ خانز اور دیگر سپر اسٹارز کو پیچھے چھوڑ دیا

دیپیکا پڈوکون ہولی وڈ واک آف فیم میں شامل ہونے والی پہلی بھارتی شخصیت ہوں



ممبئی (این این آئی) بولی وڈ اداکارہ دیپیکا پڈوکون نے ایک نیا اعزاز حاصل کرتے ہوئے پہلی ایسی بھارتی شخصیت کا رتبہ حاصل کر لیا، جن کا نام جلد ہی ہولی وڈ واک آف فیم میں شامل کر لیا جائے گا۔ ہولی وڈ واک آف فیم میں امریکی شہر لاس اینجلس میں ایک خصوصی گلی ہے، جہاں دنیا بھر کی شوبز اور اسپورٹس شخصیات کے نام آویزاں ہیں۔ ہولی وڈ چیمبر آف کامرس کی جانب سے بنائی گئی مذکورہ خصوصی گلی میں ہر سال دنیا بھر کی معزز شخصیات کے نام شامل کیے جاتے ہیں اور اس بار دیپیکا پڈوکون سمیت تین درجن کے قریب فلم، ٹی وی، موسیقی اور اسپورٹس سے وابستہ شخصیات کے نام شامل کیے جائیں گے۔ واک آف فیم میں نام شامل کرنے کے لیے انتظامیہ شخصیت کا نام خصوصی تیار کردہ ستارے میں سجا کر اسے زمین پر گلی میں سجا دیتی ہے اور اب جلد ہی دیپیکا پڈوکون کا نام بھی ستارے کی صورت میں مذکورہ گلی میں سجا دیا جائے گا۔ ہولی وڈ واک آف فیم کی جانب سے انسٹاگرام پر شیئر کردہ فہرست کے مطابق دیپیکا پڈوکون بھی ان تین درجن کے قریب اہم شخصیات میں شامل ہیں، جن کا نام واک آف فیم میں شامل کیا جائے گا۔ دیپیکا پڈوکون بھارت کی وہ پہلی شخصیت بن گئیں، جن کا نام واک آف فیم میں شامل کیا جائے گا، انہوں نے ایک نیا اعزاز اپنے نام کر لیا۔ دیپیکا پڈوکون نے امیتابھ بچن، بولی وڈ خانز اور دیگر سپر اسٹار اداکاراؤں و اداکاروں کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ دیپیکا پڈوکون نے 2007 میں بولی وڈ فلم اوم شانتی اوم سے کیریئر کا آغاز کیا اور بعد ازاں 2018 میں انہوں نے ہولی وڈ فلم میں بھی کام کیا۔ اب تک دیپیکا پڈوکون تین درجن سے زائد فلموں میں کام کر چکی ہیں اور ان کا شمار بولی وڈ کی سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی شخصیات میں ہوتا ہے۔

دوبار یکطرفہ محبت ہوئی، تجربات نہایت تکلیف دہ تھے، زارا ترین

زارا ترین 2021 میں اداکار فاران طاہر سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ زارا ترین نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں دو بار یک طرفہ محبت ہوئی مگر دونوں نہایت تکلیف دہ تجربات تھے۔ اداکارہ زارا ترین نے نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران اپنی ذاتی زندگی سے متعلق کئی انکشافات کیے ہیں۔ زارا ترین نے بتایا ہے کہ انہیں زندگی میں دو مرتبہ یک طرفہ محبت ہوئی جو ان کے لیے نہایت تکلیف دہ تجربات تھے جس نے بے حد مایوس کیا، پہلی بار دل ٹوٹتے پر انسان مایوس ہو جاتا ہے جبکہ دوسری بار ایسا ہو تو غصہ خود پر آتا ہے کہ دوبارہ موقع کیوں دیا۔ یاد رہے کہ زارا ترین 2021 میں پاکستانی نژاد امریکی اداکار فاران طاہر سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں۔

مشی خان اینٹی ایجنگ انجکشن لگوانے والوں پر برس پڑیں

کورین لوگوں کا کھانا پینا مختلف ہے، ان کے موسم الگ ہے ہماری اسکن ان کے جیسی نہیں ہو سکتی

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ و میزبان مشی خان جوان اور گورا دکھائی دینے کے لیے وٹامن، ڈرپس اور انجکشن لگوانے والوں پر برس پڑیں۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے ویڈیو پیغام جاری کیا، جس میں انہوں نے بھارتی اداکارہ و ماڈل شیفالی جری والا کی اچانک موت کی روشنی میں کاسمیٹک سرجری، وٹامن ڈرپس لگانے والوں کو کھری کھری سنا دی۔ انہوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کل بہت لوگ خوبصورت دکھائی دینے کے شوق میں مختلف تجربات کرتے ہیں۔

جسم فروشی کیلئے خواتین کی اسمگلنگ، امریکی گلوکار کو 10 سال قید ہو سکتی ہے

نیویارک (این این آئی) معروف امریکی گلوکار شان "ڈڈی" کومبس پر انسانی اسمگلنگ اور ریکیٹرنگ سمیت جسم فروشی کے لیے خواتین کی نقل و حمل کے الزامات تھے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق عالمی شہرت یافتہ امریکی گلوکار شان "ڈڈی" کومبس کو ستمبر 2024 میں گرفتار کیا گیا تھا اور تب سے وہ جیل میں زیر حراست ہیں۔ ان کے خلاف جنسی استحصال، طاقت کے استعمال، اور ناجائز کاروباری سرگرمیوں کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔ امریکی میوزک انڈسٹری کی مشہور شخصیت اور ہپ ہاپ اسٹار شان "ڈڈی" کومبس پر یہ سنگین الزامات ان کی سابق پارٹنر اور ایک اور خاتون نے لگائے تھے۔

بوٹوکس کے خلاف ہوں، شیفالی کی موت کے بعد کرینہ کا ردعمل

میں ایک اچھے انداز میں خود کو محفوظ رکھنے کی قائل ہوں، اداکارہ کرینہ کپور

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے مشہور گانے کانٹا لگا کی اداکارہ شیفالی جریوالہ کی اچانک موت اور اس کے بعد کی جانے والی چہ مگوئیوں پر بالی وڈ بیبو کرینہ کپور کا ردعمل بھی سامنے آ گیا۔ شیفالی جریوالا گزشتہ ہفتے 42 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں، 27 جون کو شیفالی کو ممبئی میں ان کی رہائش گاہ سے اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹرز نے انہیں مردہ قرار دیا۔ 2 روز قبل شیفالی کی ابتدائی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں بلڈ پریشر میں تیزی سے کمی اور ہارٹ اٹیک کو ان کی موت کی وجہ قرار دیا گیا تھا۔

اگر فلمیں بند ہو جائیں گی تو میں ڈرامہ کر لوں گی یا تھیٹر کر لوں گی

آرٹسٹ اور آرٹ ہی وہ چیز ہے جو لوگوں کو جوڑتا ہے، اداکارہ ماہرہ خان

کراچی (این این آئی) پاکستان کی عالمی شہرت یافتہ اداکارہ ماہرہ خان نے کہا ہے کہ ہم فنکار ہی لوگوں کو جوڑتے ہیں اس لیے ہم پر سب سے پہلے پابندی لگائی جاتی ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی اور فنکاروں پر عائد پابندیوں سے متعلق اداکارہ نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران بھارت میں پاکستانی فنکاروں کے سوشل میڈیا پر پابندی لگانے کے سوال پر ماہرہ خان نے کہا کہ میرا اس پابندی پر کوئی ردعمل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ابھی بھی مداحوں سے محبت کرتی ہوں، مداح تو مداح ہوتے ہیں، عوام کا ایک طرح سے سیاست سے تعلق ہو جاتا ہے لیکن یہ سیاسی معاملات ہوتے ہیں جو پابندیاں لگاتے ہیں جس پر میں یقین نہیں رکھتی۔

SPORTS سپورٹس

پاکستانی بیٹرز ٹاپ 10 ٹیسٹ رینکنگ سے باہر ہو گئے

سعود شکیل 739 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ ایک درجہ تنزلی کے بعد 11 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی بیٹرز آئی سی سی ٹاپ 10 رینکنگ سے باہر ہو گئے۔ آئی سی سی نے ٹیسٹ رینکنگ میں پاکستانی کھلاڑیوں کی موجودگی متاثر ہوئی ہے، گرین شرٹس فی الحال آئندہ دو ماہ کے دوران صرف وائٹ بال کی کرکٹ کھیلے گی۔ پاکستان آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2025-27 مہم کا آغاز اکتوبر، نومبر میں جنوبی افریقہ کے خلاف ہوم سیریز سے کرے گا۔ تاہم ٹیسٹ رینکنگ میں سعود شکیل 739 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ ایک درجہ تنزلی کے بعد 11 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں۔ وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان تین درجے تنزلی کے بعد 671 پوائنٹس کے ساتھ 19 ویں نمبر پر آ گئے ہیں، جبکہ سابق کپتان بابر اعظم 651 پوائنٹس کے ساتھ فہرست میں 22 ویں نمبر پر ہیں۔ سلمان علی آغا 592 پوائنٹس کے ساتھ 33 ویں نمبر پر برقرار ہیں اور ٹیسٹ کپتان شان مسعود 542 پوائنٹس کے ساتھ تین درجے ترقی پا کر 44 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ بھارت کے رشبھ پنت انگلینڈ کے خلاف ابتدائی ٹیسٹ میں دو سنچریوں نے انہیں 801 پوائنٹس کے ساتھ چھٹے نمبر پر پہنچا دیا ہے جو ٹاپ بیٹر جو روٹ سے صرف 88 پوائنٹس پیچھے ہیں۔ جو روٹ پہلے نمبر پر براجمان ہیں، ہیری بروک دوسرے نمبر پر موجود ہیں، نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن 867 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہیں۔ بولرز رینکنگ میں پاکستان کے نعمان علی 806 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ ایک درجہ تنزلی کے بعد پانچویں نمبر پر آ گئے ہیں، ساجد خان کی 20 ویں پوزیشن برقرار ہے۔

بھارتی کرکٹر محمد شامی ایک اور مشکل میں پھنس گئے

سابقہ اہلیہ کو ماہانہ چار لاکھ بھارتی روپے نان نفقے کی مد میں ادا کرنے کا حکم

کلکتہ (این این آئی) کلکتہ ہائی کورٹ نے بھارتی فاسٹ بولر محمد شامی کو اپنی سابقہ اہلیہ کو ماہانہ چار لاکھ بھارتی روپے نان نفقے کی مد میں ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سابق اہلیہ حسین جہاں کے وکیل امتیاز احمد کا کہنا تھا کہ یہ ان موکلہ کے لیے ایک بہترین لمحہ تھا۔ 2018 سے 2024 تک انہوں نے بہت دوڑ دھوپ کی۔ بالآخر حسین جہاں کو ڈیڑھ لاکھ اور بیٹی کو ڈھائی لاکھ روپے ماہانہ ادا کیے جانے کا یہ حکم کھلی عدالت میں جاری ہوا۔ ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ کو عبوری حکم کی مرکزی درخواست کو چھ ماہ کے اندر نمٹانے کا حکم دیا ہے۔ اس بات کے قوی امکانات ہیں کہ جب فریقین نان نفقے کی ساعت نمٹانے کے لیے دوبارہ ٹرائل کورٹ لوٹیں تو یہ رقم چھ لاکھ تک بڑھ جائے کیوں کہ حسین جہاں نے اپنی درخواست میں اس مد میں سات لاکھ اور تین لاکھ روپے کا مطالبہ کیا تھا۔ واضح رہے شادی سے قبل حسین جہاں بطور ماڈل کام کرتی تھیں اور 2014 میں محمد شامی سے شادی کے بعد انہوں نے ماڈلنگ کو خیرباد کہہ دیا۔ 2015 ان کے گھر بیٹی کی پیدائش ہوئی۔ 2018 میں حسین جہاں کی جانب سے محمد شامی پر گھریلو تشدد اور استحصال کے الزامات عائد کیے گئے جس کے بعد دونوں میں علیحدگی ہو گئی۔

پشاور: فٹ بال چیمپئن شپ کے فاتح کھلاڑیوں میں مہمان خصوصی انعامات تقسیم کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

سری لنکا اور بنگلا دیش کا میچ، گراؤنڈ میں خطرناک سانپ کی انٹری

انگلش بیٹر جمائمہ نے بیٹ کے ہینڈل سے سانپ کو دور کر دیا

کولمبو (این این آئی) سری لنکا اور بنگلا دیش کے درمیان پہلے ایک روزہ میچ کے دوران گراؤنڈ میں خطرناک سانپ داخل ہو گیا۔ کولمبو میں کھیلے گئے میچ میں سری لنکا کے خلاف 245 رنز کے ہدف کے تعاقب میں بنگلا دیش کی اننگز کے تیسرے اوور میں سانپ نے گراؤنڈ میں انٹری دی۔ رپورٹس کے مطابق گراؤنڈ میں داخل ہونے والا کوبرا زہریلا اور خطرناک تھا، جو دیکھنے میں کئی فٹ بڑا تھا، سری لنکا کے گراؤنڈ پر سانپ کے داخلے کا پہلا واقعہ نہیں ہے۔ سری لنکا میں سانپوں کی کثیر تعداد پائی جاتی ہے، جو کھیلوں کے اکثر مقابلوں میں اپنی موجودگی کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس سے قبل ویمنز انڈر 19 ٹی 20 ورلڈ کپ میں انگلینڈ اور آئرلینڈ کے میچ کے دوران پچ پر کوبرا آ گیا تھا۔ ویمنز انڈر 19 ٹی 20 ورلڈ کپ میں انگلینڈ اور آئرلینڈ کا میچ جاری تھا۔

پشاور: فٹ بال چیمپئن شپ کے فاتح کھلاڑیوں کا ڈی جی سپورٹس کے ہمراہ گروپ فوٹو۔ (فوٹو این این آئی)

پی ایس ایل 10 میں ویورشپ کا نیا ریکارڈ، تعداد اربوں تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی انتظامیہ پھر سے ایکشن میں آ گئی، سی ای او سلمان نصیر کی زیر قیادت اسٹیک ہولڈرز سے لاہور میں ملاقات کی، جس میں فرنچائزز، اسپانسرز اور کمرشل پارٹنرز شریک ہوئے۔ بورڈ نے پی ایس ایل کی 10 سالہ ترقی کا ڈیٹا پیش کیا، نویں اور دسویں ایڈیشن کے اعداد و شمار کا موازنہ بھی کیا گیا۔ اجلاس میں پیش کردہ شماریات کے مطابق پاکستان سپر لیگ روز بروز مقبولیت کی نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے، نویں ایڈیشن کو پاکستان میں 455 ملین ناظرین میسر آئے جبکہ رواں برس منعقدہ 10 ویں ایڈیشن میں یہ تعداد بڑھ کر 3.4 بلین (3 ارب 40 کروڑ) تک پہنچی۔ لائیو اسٹریمنگ 647.2 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، پاکستان میں لائیو اسٹریمنگ پلیٹ فارمز کے ذریعے مجموعی طور 5.48 بلین منٹس تک میچز دیکھے گئے۔

ویمن ایشین کپ کوالیفائر، قومی ٹیم نے تاریخی کامیابی حاصل کر لی

اپنے دوسرے میچ میں میزبان انڈونیشیا کو دو صفر سے شکست دے دی

کراچی (این این آئی) ایشین فٹ بال فیڈریشن (اے ایف سی) ویمن ایشین کپ کوالیفائرز میں پاکستان ٹیم نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے اپنے دوسرے میچ میں میزبان انڈونیشیا کو دو صفر سے شکست دے دی۔ گروپ ڈی کے میچ میں گرین شرٹس کی جانب سے نادیہ خان اور سوہا ہیرانی نے پہلے ہی ہاف میں گول داغ دیے۔ نادیہ خان نے کھیل کے 8 ویں منٹ میں جبکہ 18 ویں منٹ میں سوہا ہیرانی نے گول کر کے پاکستان کو برتری دلائی، یہ پاکستانی کھلاڑی نادیہ خان کا انٹرنیشنل کیریئر کا 5 واں گول تھا۔ اس دوران ویمن ٹیم کی گول کیپر زنابا جیوراج نے حریف ٹیم کے متعدد حملے ناکام بنائے، اس شاندار فتح پر کھلاڑیوں نے بھرپور جشن منایا۔ ایونٹ میں قومی ٹیم کا تیسرا مقابلہ ہفتے کو کرغزستان سے ہوگا، پاکستان ویمن کی فیفا رینکنگ میں 157 اور انڈونیشیا کی رینکنگ 95 ہے۔

بابر اعظم کو ٹی 20 ٹیم میں نہیں ہونا چاہیے، باسط علی

پاکستان آئی سی سی ایونٹس میں بھی بھارت سے نہ کھیلے، براڈکاسٹرز کو لگ پتا جائے گا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر باسط علی نے کہا کہ پاک بھارت کرکٹ اب نہیں ہونی چاہیے، بابر اعظم کو ٹی 20 ٹیم میں نہیں ہونا چاہیے، بابر اعظم جیسے کپتان سرفراز احمد کی جیب میں رہتے تھے۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے سابق کرکٹر باسط علی نے کہا کہ بھارت ہمیں گھاس نہیں ڈالتا تو ہم بھی نہ کھیلے، آئی سی سی ایونٹ میں بھی نہ کھیلیں دو پوائنٹس دے دیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کا ایک میچ بھی نہیں ہوگا تو براڈکاسٹرز کو لگ پتا جائے گا کہ پھر میں پوچھوں گا۔ باسط علی نے کہا کہ میری رائے یہ ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ منع کر دے کہ ہمیں بھارت سے نہیں کھیلنا۔ ایشیا کپ سے متعلق انہوں نے کہا کہ ایشیا کپ ہوگا ہی نہیں، آئی سی سی صدر جے شاہ بھارت کا ہے وہ نہیں ہونے دے گا۔

پشاور: ریجنل سپورٹس آفس پشاور کے تعاون سے کبڈی میچ میں کھلاڑی اپنی طاقت اور مہارت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

بقیہ 1

گیا۔ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے پاکستان اور ترکیہ کے مابین پائیدار برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے مشترکہ اہداف اور تزویراتی ہم آہنگی پر زور دیا جو دونوں ممالک کے مابین مضبوط تعلقات کا مظہر ہیں۔ انہوں نے جدید تربیت اور ایرو اسپیس ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے پاک فضائیہ کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔دونوں معززین نے باہمی دلچسپی کے مختلف امور اور جاری منصوبوں کو بروقت اور سرعت سے مکمل کرنے کے لیے وقف، مشترکہ ورکنگ گروپس کے قیام پر بھی اتفاق کیا۔ترک وزیر دفاع نے پاک فضائیہ کی جانب سے پرتپاک استقبال اور شاندار مہمان نوازی پر ائیر چیف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے بھارت کے ساتھ حالیہ تنازع کے دوران ایئر چیف کی بصیرت اور دوراندیش قیادت میں پاک فضائیہ کی جانب سے پیش کردہ غیر معمولی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس کی آپریشنل تیاریوں اور قومی خودمختاری کے دفاع کے ان کے بھرپور عزم کی تعریف کی۔ ترکیہ اور پاکستان کے مابین دیرینہ برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے، جناب یاسر گلر نے صنعتی اشتراک اور باہمی تعاون کے ذریعے دوطرفہ دفاعی تعلقات کو تقویت دینے کے ترک حکومت کے عزم کا اظہار کیا۔انہوں نے جدید ترین ٹیکنالوجیز بالخصوص ڈسرپٹیو ٹیکنالوجیز، جدید ایویونکس اور بغیر پائلٹ کے فضائی نظام سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے لیئے نئی راہیں استوار کرنے پر زور دیا ۔ ترک وزیر دفاع نے پائلٹ ایکسچینج پروگرام میں پاک فضائیہ کی جانب سے پیش کردہ معاونت کی بھی تعریف کی، اور اس پروگرام کو انہوں نے دونوں فضائی افواج کے مابین پیشہ ورانہ ترقی اور آپریشنل مفاہمت کے فروغ کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا۔ دونوں معززین نے تربیتی تعاون کے طریقہ کار کو حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا، جبکہ مشترکہ اور بین الاقوامی فضائی مشقوں کے دائرہ کار کو وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا۔ترک وزیر دفاع کا ائیر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کا یہ دورہ دونوں برادر ممالک کے مابین تزویراتی تعاون کو فروغ دینے، دفاعی تعلقات کو مستحکم کرنے اور پاکستان اور ترکیہ کی مسلح افواج کے درمیان دیرینہ روابط کو فروغ دینے کے مشترکہ عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 2

17 جولائی 2025 تک اوپن اکشن کے علاوہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد شہر میں کھیلوں کے فروغ، ہوٹل انڈسٹری کی ترقی اور سیاحت سے متعلق موجودہ اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ کمرشل پلاٹس کی آنے والی نیلامی میں حصہ لینے والے سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہمی کی جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مختلف کیٹیگریز کے کمرشل پلاٹس کی نیلامی میں سرمایہ کاروں کو بہترین مواقع فراہم کئے جارہے ہیں۔ جس میں سرمایہ کاروں کو تقریباً 46 کمرشل پلاٹس اور بلیوایریا میں پارکنگ پلازہ کی دکانیں نیلامی کیلئے پیش کی جارہی ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ سرمایہ کاروں کو نیلامی سے متعلق مکمل آگاہی فراہم کرنے کیلئے متعلقہ معلومات سی ڈی اے کی تمام ونگز سے لینے کے علاوہ مستقبل کے منصوبے کے حوالوں سے معلوماتی (انفارمیشن) کاؤنٹرز اور بوتھ قائم کیے جائیں۔ان منصوبوں میں شامل گندھارا ہیریٹیج اینڈ سٹیزن سینٹر، ہوٹل پلاٹس تھیم پارکس، میلوڈی فوڈ سٹریٹ، لیک ویو پارکس اور سید پور ولیج میں سرمایہ کاری کیلئے مختلف منصوبے شامل ہونگے۔اسی طرح ڈی ایم اے کے تحت سید پور ولیج کے ریسٹورنٹس، مختلف دکانیں، میلوڈی فوڈ کیوسکس، ڈیجیٹل پارکنگ وسکریننز اور ڈپلومیٹک انکلیو میں فوڈ کورٹس شامل ہونگے ۔ ان تمام اقدامات کا مقصد اسلام آباد شہر کو دنیا بھر میں ایک میزبانی، سپورٹس اور سیاحتی شہر کے طور پر متعارف کروانا ہے ۔اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر سپورٹس اینڈ کلچر نے بتایا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی کے احکامات کی روشنی میں 25 فٹبال اور 25 کرکٹ گراؤنڈز کیلئے سی ڈی اے کے پلاننگ ونگ نے جگہ مختص کردی ہے جن پر بتدریج کام کا آغاز کردیا جائے گا۔اسی طرح فٹسال کے تین گراونڈز اور ایک انڈور کرکٹ گراونڈ کیلئے بھی جگہ مختص کردی گئی ہے۔اس کے علاوہ اسلام آباد میں 5 کرکٹ اکیڈمیز کا قیام بھی عمل میں لایا جارہا ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ شہر میں کھیلوں کیلئے سپورٹس کمپلیکس کیلئے جگہوں کا تعین ہورہا ہے۔ان کمپلیکسز میں سوئمنگ پولز، جم، انڈور گیمز اور کافی شاپ کی سہولیات میسر ہونگی۔جو نہ صرف کھیلوں بلکہ فیملیز کیلئے تفریحی مراکز کے طور پر بھی ہونگے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سی ڈی اے کا عزم ہے کہ اسلام آباد کو ایک جدید اور خوبصورت شہر بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات اور منصوبے بروقت مکمل کئے جائیں تاکہ شہریوں کو بہترین سیاحتی اور تفریحی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ 3

کے حوالے سے پاکستان کے موقف کی غیر متزلزل حمایت پر آذربائیجان سے اظہار تشکر کرتے ہوئے آذربائیجان کی جانب سے پاکستان میں 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے اعلان کا خیر مقدم کیا۔سپیکر قومی اسمبلی نے دونوں برادر ممالک کی پارلیمانوں میں روابط کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے رواں سال ستمبر میں اسلام آباد میں سہ فریقی سپیکرز کانفرنس کی میزبانی کی تجویز پیش کی۔ملاقات میں آذربائیجان کے وزیر اعظم علی اسدوف نے کشمیر پر آذربائیجان کے اصولی موقف کا اعادہ کیا اور پاکستان کی جانب سے نگورنو کاراباخ تنازعہ پر حمایت پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔وزیر اعظم علی اسدوف نے کہا کہ آذربائیجان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ملاقات میں دونوں ممالک کے مابین (پی ٹی اے) ترجیحاتی تجارتی معاہدہ کے نفاذ کا خیر مقدم کیا گیا۔

بقیہ 4

رضا، ممبر پلاننگ ڈاکٹر خالد حفیظ سمیت دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ باکو کے ہارٹیکلچر ماہرین نے چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کو شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے کیئے گئے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے بتایا کہ سرینگر ہائی وے، میلوڈی مارکیٹ اور سید پور ولیج کی تزئین وآرائش سمیت سی ڈی اے ماڈل نرسری کی اپ گریڈیشن کا کام تیزی سے جاری ہے۔چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے گیا کہ "گارڈینیا حب" کے منصوبے کے تحت نرسری کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے، جس میں بین الاقوامی معیار کے مطابق فلاور شاپس، پودے اور جدید گرین ہاؤسز شامل ہوں گے۔اس منصوبے کو باکو کے آرکیٹکٹس اور ہارٹیکلچر ماہرین کی معاونت سے مکمل کیا جارہا ہے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ نرسری کے ملازمین کو خصوصی تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ مستقبل میں اس جدید نرسری کو بہترین طریقے سے چلاسکیں۔چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کیلئے مقامی ماحول سے ہم آہنگ اور ماحول دوست پودوں اور درختوں کو ترجیح دی جائے ۔ انہوں نے اسلام شہر کی مختلف شاہراہوں پر دیدہ زیب سافٹ لینڈ سکیپنگ اور میڈین سٹرپس کو مزید خوبصورت بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے زور دیا کہ شہر کی خوبصورتی کیلئے اٹھائے جانے والے تمام اقدامات کو طویل المدت بیوٹیفکیشن پلان کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے ۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے اور باکو کی ٹیمیں مل کر شہر کی خوبصورتی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے مزید کہا کہ سوشل ذمہ

داری کے تحت کارپوریٹ سیکٹر اور معروف برانڈز کو بھی شہر کی خوبصورتی اور شجرکاری مہم میں شامل کیا جائے گا تاکہ اسلام آباد کو ایک پُرکشش اور سرسبز شہر بنانے کے مشن کو مزید تقویت مل سکے۔اجلاس میں شہر کی ترقی اور خوبصورتی سے متعلق دیگر امور پر بھی غور و خوص کیا گیا اور تمام متعلقہ ونگز کو بروقت اقدامات یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 5

96 پڑھ لیں، شاید تھوڑی شرم آ جائے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے واضح کیا کہ جس 10 کھرب روپے کی کرپشن کا شور مچایا جارہا ہے، وہ درحقیقت 2018ء سے 2023ء کے دوران گندم کی خریداری اور سبسڈی سے متعلق ہے اور اس عرصے میں پنجاب میں حکومت کس کی تھی، یہ پوری قوم بخوبی جانتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کا چارسالہ دور پنجاب کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، جہاں کرپشن، نااہلی اور لوٹ مار نے ہر شعبے کو متاثر کیا۔ جو لوٹ مار گزشتہ 12 سال سے خیبر پختونخوا میں جاری تھی، وہی ماڈل چار سال پنجاب میں بھی نافذ کیا گیا۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ان چار برسوں میں بشریٰ بی بی اور فرح گوگی کی کرپشن بھی ریکارڈ کا حصہ بن چکی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ شریف فیملی کے بغض میں ان کا لیڈر وزیراعظم ہاؤس سے ڈائری اٹھا کر سیدھا اڈیالہ جا پہنچا۔آخر میں انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور اور بیرسٹر سیف جیسے کرداروں کا انجام بھی "نیکسٹ سٹاپ اڈیالہ" واضح نظر آ رہا ہے۔وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ چار سال پنجاب میں کرپشن، نااہلی اور لوٹ مار کا سیاہ ترین دور تھا۔وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ مسٹر جعلی دانشور آڈٹ رپورٹ غور سے پڑھیں اس میں پی ٹی آئی قیادت کا کچا چٹھا ہے، جس آڈٹ رپورٹ کا آپ لوگ ڈھنڈورا پیٹ رہے وہ رپورٹ بزدار اور پرویز الہی دور کی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ آڈٹ رپورٹ کا صفحہ نمبر 87 اور صفحہ نمبر 96 پڑھ لیں شاید آپ کو تھوڑی سی شرم آجائے، جس 10 کھرب کا آپ واویلا کررہے ہیں وہ 2018 سے 2023 کی گندم خریداری اور سبسڈی کا ہے، 2018 سے 2023 تک پنجاب میں کس کی حکومت تھی پوری قوم جانتی ہے۔صوبائی وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ چار سال پنجاب میں کرپشن، نااہلی اور لوٹ مار کا سیاہ ترین دور تھا، 12 سال سے جو لوٹ مار خیبر پختونخوا میں ہورہی ہے چار سال پنجاب میں وہی لوٹ مار ہوئی، ان چار سالوں میں بشریٰ بی بی اور فرح گوگی کے ڈاکے اور چوریاں بھی ریکارڈ کا حصہ ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ شریف فیملی کے بغض میں آپ کا لیڈر وزیراعظم ہاؤس سے ڈائری اٹھا کر اڈیالہ پہنچ گیا، علی امین اور بیرسٹر سیف کے کارناموں کا انجام بھی "نیکسٹ سٹاپ اڈیالہ" ہی نظر آرہا ہے۔

بقیہ 6

منظوری دی۔ذرائع ابلاغ کے مطابق ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی سمری تیار کرکے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو بھیجی دی گئی ہے، منظوری کے بعد محکمہ خزانہ تنخواہوں کا بجٹ جاری کرے گا۔

بقیہ 7

کی 58 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ محترمہ فاطمہ جناح جدوجہد آزادی کی وہ عظیم رہنما تھیں جنہوں نے اپنے عظیم بھائی قائداعظم محمد علی جناح کا ہر محاذ پر ساتھ دیا۔ بطور خاتون میں محترمہ فاطمہ جناح کو رول ماڈل سمجھتی ہوں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ محترمہ فاطمہ جناح کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پنجاب کی بیٹیوں کو بااختیار بنا رہے ہیں۔

بقیہ 8

کردی۔میڈیا رپورٹ کے مطابق کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ سائبر سیکیورٹی ایڈوائزری میں کہا گیا کہ وائرس ای میل، واٹس ایپ پیغامات سے مشکوک فائل کیذریعے پھیلایا جاتا ہے، سائبر حملہ آور میلویئر وائرس کی حامل مشکوک فائل پہلگام واقعے کینام سے بھیجتے ہیں۔ایڈوائزری میں کہا گیا کہ میلویئر وائرس کے پاس خاموشی سے ڈیوائس سے ڈیٹا اور تصاویر اکھٹا کرنے کی صلاحیت ہے۔کابینہ ڈویژن کی ایڈوائزری میں نامعلوم ذرائع سے آنے والی ای میلز کو نہ کھولنے اور نظرانداز کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ایڈوائزری میں سفارش کی گئی کہ کسی بھی اٹیچمنٹ کو کھولنے سے پہلے اینٹی وائرس سے اسکین کیا جائے اور مشکوک ای میل کی اطلاع فوری طور پر ادارے کے آئی ٹی ایڈمن کو دی جائے۔ایڈوائزری حکومتی اور دفاعی اداروں کو دوہری تصدیق کا نظام اور مضبوط پاسورڈ اپنانے اور کمپیوٹر لیپ ٹاپ پر مضبوط، اپڈیٹڈ اینٹی وائرس انسٹال رکھنے کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ایڈوائزری میں یہ سفارش کی گئی ہے کہ ناقابل اعتبار کلاؤڈ اسٹوریج پر سرکاری یا ذاتی ڈیٹا محفوظ نہ کیا جائے اور نہ ہی آن لائن ڈاکیومنٹ کنورٹنگ ٹولز استعمال کیے جائیں۔

بقیہ 9

ظاہر کی یا ٹیکس کی ادائیگی سے گریز کیا ہے۔ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے ٹیکس نظام کے بارے میں رپورٹ جاری کردی ہے، حکام کے مطابق اے ڈی بی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اصلاحات کے باوجود پاکستان کا ٹیکس 2 جی ڈی پی تناسب خطے کے دیگر ممالک سے کم ہے ۔نان فائلرز کی اکثریت نے یا تو کم آمدنی ظاہر کی یا ٹیکس کی ادائیگی سے گریز کیا، پاکستان میں ٹیکس بیس محض عددی طور پر بڑھا ہے۔اے ڈی بی رپورٹ میں کم ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب کی بڑی وجہ بڑے پیمانے پر غیر رسمی شعبے کو قرار دیا گیا، بغیر موثر تعمیل کے ٹیکس بیس کو وسعت دینا قلیل آمدنی پیدا کرتا ہے۔ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ایسے اقدامات سے صرف انتظامی اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے، صرف رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان کی تعداد بڑھانے کیبجائے پالیسوں کو بہتر بنایا جائے، بہتر پالیسیوں سے موجودہ ٹیکس دہندگان سمیت دیگر ٹیکس وصولی کو بڑھایا جاسکتا ہے

بقیہ 10

تعداد 7 کروڑ 21 لاکھ 24 ہزار 209 ہے جبکہ ملک میں خواتین ووٹرز کی تعداد 6 کروڑ 23 لاکھ 4 ہزار 368 ہے۔الیکشن کمیشن کے ذرائع نے بتایا کہ پنجاب میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 7 کروڑ 65 لاکھ 3 ہزار 243 ہے، خیبر پختونخوا میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 28 لاکھ 74 ہزار 402 ہے، سندھ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 81 لاکھ 70 ہزار 274 ہے۔علاوہ ازیں ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 56 لاکھ 13 ہزار 371 ہے۔

بقیہ 11

کے علاقہ میں 16 سالہ لڑکی کے قتل کا معاملہ، پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقتولہ کے والد کو تحویل میں لے لیا، واقعہ کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے مقدمہ کے اندراج اور ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ پولیس کی مدعیت میں درج کیا گیا، روات پولیس نے قلیل وقت میں مقتولہ کے والد کو تحویل میں لے لیا، مقتولہ کے اہل خانہ نے ابتدائی طور پر قتل کو خودکشی کا رنگ دینے کی کوشش کی تھی، متن مقدمہ کے مطابق لڑکی کے والد نے اسے ٹک ٹاک اکاؤنٹ ڈیلیٹ کرنے کا کہا تھا، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم ناقابل برداشت ہیں، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 12

ناسور کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 13

کو گرفتار کرلیا، اشتہاری سال 2020/21 سے وارث خان پولیس کو مطلوب تھے، پولیس نے ہیومین انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاریوں کو گرفتار کیا، ایس پی راول محمد حسیب راجہ کا کہنا تھا کہ اشتہاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 14

شروع کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت کردی۔ اجلاس میں سرکاری سکولوں میں پہلی مرتبہ وین/بس سروس متعارف کرانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پہلی باقاعدہ سکول بس سروس کے لئے جامع پلان طلب کرلیا۔صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے متعلق اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے شاندار نتائج سامنے آرہے ہیں۔طلبہ انرولمنٹ میں 99 فیصد اور ٹیچرز کی تعداد میں 114 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ 60 ہزار سے زائد نوجوانوں کے لئے باعزت روزگار کے مواقع کھلے ہیں۔اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے دنیا کی سب سے بڑی کامیاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ سرکاری سکول آؤٹ سورس کرنے سے محض 16 ماہ میں 13 لاکھ انرولمنٹ بڑھ چکی ہے۔مزید ساڑھے 10 ہزار سکول ایک سال میں آؤٹ سورس ہونگے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پہلے مرحلے میں 5700 سرکاری سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے لئے 40 ہزار درخواستیں موصول ہوئی۔آؤٹ سورس کردہ سکولوں میں 80 فیصد انفراسٹرکچر میں بہتری کا ہدف مکمل کیا گیا ہے۔ سرکاری سکولوں کو آؤٹ سورس کرنے کے بعد چند ماہ میں طلبہ کی تعداد 4 لاکھ 53 ہزار سے بڑھ گئی۔آؤٹ سورس سکولوں میں ٹیچرز کی تعداد 8 ہزار سے 17196 ہوگئی۔ آؤٹ سورس سکولوں میں 413 نئے کلاس روم، 5018 کلاس رومز کی مرمت، 2887 کمروں کی چھتوں کی مرمت مکمل کرلی گئی۔

بقیہ 15

کی اصلاحات پر بھی بھرپور توجہ دی جائے۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے بدھ کوزرعی شعبے کی ترقی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرعی اصلاحات پر عمل درآمد کا آغاز کسانوں کو آسان قرضوں کی سہولت سے کیا جائے گا، زرعی فنانسنگ کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا، زرعی ترقیاتی بینک میں بھی ہنگامی بنیادوں پر اصلاحات کی جائیں تاکہ کسانوں کو آسان قرضے کی فراہمی شفاف انداز میں یقینی بنائی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ آئندہ پی ایس ڈی پی میں زرعی پراجیکٹس کو مرکزی حیثیت حاصل ہوگی اور ترقیاتی منصوبے میکنائزیشن، ڈیجیٹائزیشن، کسانوں کی قرضوں تک آسان رسائی اور کاروبار دوست ماحول کے قیام پر مرکوز ہوں، زرعی شعبے میں پائیدار اصلاحات سے ملکی معیشت کو مزید فروغ ملے گا۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ زرعی اصلاحات کے شعبے میں زرعی اجناس کے علاوہ لائیو سٹاک سیکٹر کی اصلاحات پر بھی بھرپور توجہ دی جائے۔انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کی اصلاحات کے لئے وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر بھرپور تعاون سے کام کریں گی، زرعی شعبے میں اصلاحات سے پیداوار میں خاطرخواہ اضافہ اور پیداواری لاگت میں کمی آئے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرعی اجناس کی سٹوریج گنجائش بڑھانے کے حوالے طویل المدتی اور قلیل المدتی حکمت عملی کے لئے نئی تجاویز لائی جائیں اور زرعی شعبے میں پائیدار اصلاحات کے لئے صوبوں کے ساتھ تعاون سے ایک جامع حکمت عملی تشکیل دی جائے۔انہوں نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں ترقی سے سب سے زیادہ فائدہ کسانوں اور دیہی علاقوں کو ہوگا، شعبہ زراعت صرف تب عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق ترقی کرسکتا ہے جب اس شعبے کے ماہرین زرعی پالیسیوں کی سمت کا تعین کرنے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 16

مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمات میں ملوث و ریکارڈ یافتہ ہے، صادق آباد پولیس نے چار ملزمان کو گرفتار کرکے 3 کلو 920 گرام چرس برآمد کی، دھمیال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 560 گرام چرس برآمد کرکے الگ الگ مقدمات درج کرلیے، زیرحراست ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 17

کو الاونس نہیں دیا جائے گا، دوران ڈیوٹی معطل ہونے والے افسران اور اہلکار بھی الاونس نہیں لے سکیں گے۔طویل مدت رخصت اور دوران ڈیوٹی لمبی چھٹی پر جانے والوں کو بھی الاونس نہیں ملے گا، سی ڈی کے اولیس ڈی بنائے جانے والے افسران اور اہلکار الاونس کے حقدار نہیں ہوں گے۔محکمہ داخلہ نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو مراسلہ بھیج دیا، سی سی ڈی کے ملازمین کی الاونس کی منظوری صوبائی کابینہ نے دی تھی۔

بقیہ 18

میں اعتماد کا مظہر ہے۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ مالی سال 2024-25 میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر کی مد میں 38.3 ارب ڈالر بھیجے گئے، یہ مالی سال 2023-24 کے مقابلے میں 8 ارب زائد ہے۔ ترسیلات زر میں 26.6 فیصد کا اضافہ انتہائی خوش آئند اضافہ ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ بیرون ملک پاکستانیوں کی قابل قدر خدمات اور ان کے پاکستانی معیشت میں اعتماد کا مظہر ہے، حالیہ مثبت معاشی اشاریے حکومتی پالیسیوں کی سمت درست ہونے کے عکاس ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت ملک میں معاشی استحکام کے بعد معاشی ترقی کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 19

پنجاب ساجد رسول کو تبدیل کرکے انکی خدمات مزید تقرری کے لئے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے سپرد کرکے گریڈ 20 کے افسر ممبر (سوشل ڈویلپمنٹ) پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب محمد علی عامر کو ڈائریکٹر جنرل بیورو آف اسٹیٹکس پنجاب کا اضافی چارج سونپ دیا گیا ۔ جبکہ پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی ڈسپوزل پر موجود گریڈ 18 کے افسر نوید احمد کو تبدیل کرکے ڈپٹی سیکرٹری (کوآرڈینیشن) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی تعینات کردیا گیا۔نوید احمد کے پاس چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب صاف پانی اتھارٹی کا اضافی چارج بھی ہوگا ۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی منظوری کے بعد محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیئے گئے۔

بقیہ 20

شاہ سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے چکوال پولیس کے 200 سے زائد افسران واہلکار جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں۔ تمام پولیس افسران اور جوان انتہائی مستعدی سے اپنے فرائض سرانجام دیتے رہے سی سی ٹی وی مانیٹرنگ، واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز سے چیکنگ کو یقینی بنایا گیا۔ خواتین عزاداروں کی حفاظت اور چیکنگ کیلئے خواتین پولیس اہلکار تعینات رہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
10 جولائی 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس / اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔مورخہ 10 جولائی 2025، صبح 08:00 بجے سے دن 13:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، غوثیہ کالونی، سید پور روڈ، حیدری چوک فیڈرز، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، سکیم۔ II، کنڈ راجگان، کنگ حامد یونیورسٹی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، زرکون ہائٹس، اظہر آباد، گوالمنڈی، جناح روڈ، موہن پورہ فیڈرز، اٹک سرکل، ملہوالی، کھڑپہ، سٹی، سونی فیڈرز، جہلم سرکل، شکریلہ فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

ہماری طرف سے آپ ان سے رشتہ داری کریں، سی ڈی اے کی جانب سے پراپرٹی کی ٹرانسفر فیس میں اضافہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ سی ڈی اے اضافے کو واپس لے۔

بقیہ 45

حمید اپنی اہلیہ ایم ایم اے ارم حامد کے ہمراہ آج 10 جولائی بروز جمعرات دن 4 بجے سرگودھا آئیں گے جہاں اجنالہ روڈ 33 پھاٹک پر ان کا شاندار استقبال کرکے کارکنان ریلی کی شکل میں لے کر چدھڑ چوک بائی پاس اپر نہر: چنگی نمبر: 9 اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن چوک: اسلام پورہ /ملت آباد پل / کباڑی بازار: ٹرسٹ پلازہ چوک: نوری گیٹ چوک: سٹی سٹاپ چوک خوشاب روڈ: سٹی روڈ: گول چوک: فیصل بازار: چوک بلاک: 12 بلاک 17 سے سکریٹریٹ بلاک 25 پہنچیں گے اور نومنتخب ایم این اے ارم حامد خطاب کریں گی اس حوالہ سے شہر بھر میں استقبالیہ پوسٹر آویزاں کر کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے۔

بقیہ 46

گلبرگ لاہور میں واقع ایک کوریئر آفس پر کی گئی، جہاں برطانیہ بھیجے جانے والے ایک پارسل میں موجود ٹینس بالز کے اندر 365 گرام آئس چھپائی گئی تھی، جسے برآمد کرلیا گیا۔دوسری کارروائی داتا دربار لاہور کے قریب کی گئی، جہاں ایک گاڑی کی تلاشی کے دوران 2 کلوگرام آئس اور 150 گرام ویڈ برآمد ہوئی۔ اس کارروائی میں 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔تیسری کارروائی وزیر آباد روڈ پر سمبڑیال کے قریب کی گئی، جہاں ایک ملزم کے قبضے سے 3.6 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔

بقیہ 47

کو تبدیل کرکے انکی خدمات پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے سپرد اور گریڈ 20 کے افسر ممبر (سوشل ڈویلپمنٹ) پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب محمد علی عامر کو ڈائریکٹر جنرل بیورو آف اسٹیٹکس پنجاب کا اضافی چارج سونپ دیا گیا ۔ جبکہ پنجاب انکروسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی ڈسپوزل پر تعینات گریڈ 18 کے افسر نوید احمد کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری (کوآرڈینیشن)، محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی تعینات کر دیا گیا۔نوید احمد کے پاس چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب صاف پانی اتھارٹی کا اضافی چارج بھی ہوگا ۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی منظوری کے بعد محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے گئے۔

بقیہ 48

پولیس نے کہا کہ ملزم آوارہ کتوں کو کھانا کھلانے کا عادی ہے، ملزم وقوعہ کے روز پالتو کتے کے ہمراہ آوارہ کتوں کے ہمراہ موجود تھا، ملزم کی موجودگی میں آوارہ کتوں نے بچے پر حملہ کیا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اچھرہ میں کمسن بچے پر کتے کے حملے کے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔انہوں نے کمسن بچے کی جلد صحتیابی کی دعا کی اور افسوس ناک واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ 49

مکمل تعلیمی ریکارڈ اور پروفائل بھی اسی کارڈ کے ذریعے خودکار طور پر تیار ہوگا۔ اسکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ کو اس کارڈ کے ذریعے خصوصی مراعات دی جائیں گی، جن میں میٹرو اور اورنج لائن ٹرین میں مفت سفر کی سہولت بھی شامل ہے۔علاوہ ازیں اسٹوڈنٹس کو یونیفارمز سمیت مختلف اشیاء پر خصوصی ڈسکاؤنٹ بھی حاصل ہوگا۔صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر کے مطابق یہ کارڈ بظاہر تمام طلبہ کے لیے دستیاب ہوگا تاہم ابتدائی مرحلے میں وہی طلبہ اس سے فائدہ اٹھا سکیں گے

بقیہ 50

فیصل آباد پولیس نے بھٹہ مزدوروں کو بازیاب کرواکر بچوں سمیت پیش کیا، درخواست گزاروں کے وکیل سہیل شاہد گل نے بتایا کہ تحصیل سمندری کے قریب بھٹہ مالک انور گجر نے چار سال سے جبس بے میں رکھا ہوا ہے۔ گورنمنٹ قانون کے مطابق بھٹہ مزدوروں کو معاوضہ ادا نہیں کیا جارہا، بھٹہ مالک کے وکیل کے مطابق بھٹہ مزدوروں نے ایڈوانس رقم لے رکھی ہے، معاہدے کے مطابق مرضی سے کام کررہے ہیں ، عدالت نے فریقین کے وکلاء کا موقف سننے کے بعد بازیاب ہونے والے بھٹہ مزدوروں کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 51

بارش کے باعث دیوار گرنے سے 2 بچے جاںبحق ہوگئے تھے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعہ کا نوٹس لیا اور بچوں کے ورثاء کو 10,10 لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا تھا۔اے سی پتوکی سعد بن خالد نے وزیراعلیٰ کے حکم پر جاں بحق ہونے والے

ذرائع کے مطابق فیکٹری میں تیار کردہ سگریٹ کی مجموعی مارکیٹ ویلیو تقریباً 3.5 کروڑ روپے سے زائد بتائی جارہی ہے۔یہ سگریٹ سندھ سمیت ملک کے مختلف اضلاع میں سپلائی کیے جارہے تھے۔ پولیس ترجمان کے مطابق، گرفتار گروہ ایک منظم نیٹ ورک چلا رہا تھا جو نہ صرف ٹیکس چوری کا مرتکب تھا بلکہ انسانی صحت سے کھیلنے میں بھی ملوث پایا گیا۔اس کامیاب کارروائی کو حساس اداروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان قریبی رابطہ کاری اور مشترکہ حکمت عملی کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے ۔ حکام کے مطابق اس نیٹ ورک کی باقی کڑیاں تلاش کرنے اور مزید گرفتاریاں عمل میں لانے کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔علاقے میں غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف اس نوعیت کی بڑی کارروائی کو عوامی حلقوں میں سراہا جارہا ہے اور شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ ایسے ناسوروں کے خلاف مزید سخت اقدامات کیے جائیں گے تاکہ نوجوان نسل کو مضرصحت مصنوعات سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 39

کے مختلف علاقوں راوی روڈ، مصری شاہ، شیرانوالہ گیٹ، گجرپورہ، داتا نگر، بھگوان پورہ، لکشمی چوک، جوہر ٹاؤن، جی پی او، ریلوے اسٹیشن اور نابھہ روڈ کے اطراف شدید بارش ہوئی۔ واسا لاہور کی طرف سے دوسرے اسپیل میں بارش کا ریکارڈ جاری کردیا گیا جس کے مطابق پانی والا تالاب میں 69 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔جیل روڈ پر 36 ملی میٹر، ایئرپورٹ پر 40 ملی میٹر، گلبرگ میں 47، لکشمی چوک میں 50، اپر مال میں 38، مغلپورہ میں 41، تاجپورہ میں 34، نشتر ٹاؤن میں 58 اور چوک ناخدا میں 46 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔اس کے علاوہ فرخ آباد میں 47، گلشن راوی میں 26، اقبال ٹاؤن میں 42، سمن آباد میں 32، جوہر ٹاؤن میں 36 اور قرطبہ چوک میں 45 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ بارش سے شہر کا موسم خوشگوار ہوگیا، حبس اور گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔تاہم نشیبی علاقے زیر آب گئے جبکہ سڑکیں بھی تالاب بن گئیں۔اس کے علاوہ پنجاب کے مختلف شہروں گوجرانوالہ، گوجر خان، ملتان اور دیگر شہروں میں بھی بادل جم کر برسے۔کرک اور اطراف میں تیز بارش سے سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں، خانپور ہزارہ میں موسلادھار بارش سے ندی نالوں میں طغیانی سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر واسا لاہور مکمل الرٹ ہے۔وائس چیئرمین واسا چوہدری شہباز احمد، ڈی جی واسا پنجاب طیب فرید اور ایم ڈی واسا غفران احمد نے تمام مرکزی شاہراہوں اور انڈر پاسز کو کلیئر رکھنے کی ہدایات کردیں۔ ڈی جی واسا نے تمام فیلڈ ٹیموں کو متحرک رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی بندش والے علاقوں میں ڈسپوزل اسٹیشنز کو جنریٹرز پر چلایا جائے۔ تمام ڈسپوزل اسٹیشنز کے پمپس کو آپریشنل رکھا جائے اور اسکرینوں کو صاف رکھا جائے۔

بقیہ 40

کیا جس پر اخلاق احمد نے طیش میں آکر غیرت کے نام پر اپنی بیٹی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ مزکورہ نے فسادفی الارض کا ارتکاب کیا اور موقع سے فرار ہوگیا، پولیس حکام کا کہنا تھا کہ اہل خانہ نے واقعہ کو خودکشی ظاہر کرنے کی کوشش کی تھی۔ پولیس نے تحقیقات کیں تو واقعہ قتل کا نکلا، نعش کا پوسٹ مارٹم کروایا گیا ہے، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں اور تمام زاویوں پر تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 41

ہیں جن کی مرمت ممکن نہیں۔ 44 بوسیدہ عمارتوں میں لوگ رہائش پذیر ہیں۔ خطرناک اور بوسیدہ عمارتوں کو خالی کروانے کے لیے 2 دو نوٹسز جاری کیے جاچکے ہیں۔

بقیہ 42

فلاح پر مرکوز اقدامات کیے، جنہیں ساتھیوں اور مقامی کمیونٹی کی جانب سے بھرپور پذیرائی ملی۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کی کیریئر بیوروکریٹ صبا اصغر علی اس سے قبل صوبائی اور وفاقی سطح پر مختلف انتظامی اور پالیسی ساز عہدوں پر خدمات انجام دے چکی ہیں۔ اپنی باریک بینی، منصوبہ بندی اور عوامی مفاد پر مبنی طرز حکمرانی کی وجہ سے جانی جاتی ہیں۔ وہ شفافیت اور شہریوں کی شمولیت پر زور دیتی ہیں۔

بقیہ 43

وقوع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں میں سے 6 افراد کو اسلام آباد کے پمز اسپتال جب کہ 5 زخمیوں کو واہ جنرل اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں مزید طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق باقی 6 زخمیوں کو جائے حادثہ پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد فارغ کر دیا

سیکرٹری اوقاف کی زیر صدارت اوقاف ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

ڈائریکٹر پراجیکٹس کو اے ڈی پی میں اوقاف کی 38 نئی سکیموں کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی کی ہدایت

وزیر اعلیٰ شرائنز ڈویلپمنٹ پروگرام، پنجاب کے مزارات و مساجد کی تعمیر و ترقی کیلئے ایک انقلابی قدم ہے‘ ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (این این آئی) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی زیر صدارت ایوان اوقاف میں اوقاف ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ شرائنز ڈویلپمنٹ پروگرام، پنجاب کے مزارات و مساجد کی تعمیر و ترقی کیلئے ایک انقلابی قدم ہے۔ رواں مالی سال میں اوقاف کے لیے تین ارب سے زائد کے ترقیاتی بجٹ کی فراہمی لائق تحسین ہے۔ وزیر اعلیٰ کے (بقیہ نمبر 27)

بنوں، کواڈ کاپٹر ڈرون حملہ، ایک خاتون جاں بحق‘ 3 افراد زخمی

دوسرا کواڈ کاپٹر ڈرون حملہ علی الصبح پولیس اسٹیشن میریان پر کیا گیا

بنوں (این این آئی) بنوں پولیس اسٹیشن میریان اور ہوید میں دو الگ الگ کواڈ کاپٹر ڈرون حملوں میں ایک خاتون جاں حق جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ہوید میں گذشتہ شب گھر پر نامعلوم سمت سے کواڈ کاپٹر ڈرون حملہ کیا گیا جس میں ایک خاتون جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہوگئے۔

وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان سلمان سرگودھا میں زیر تعمیر نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر رہے ہیں

ٹریفک پولیس کی گاڑی سے شہری کو گھسیٹنے کی ویڈیو وائرل، اہلکار معطل

پشاور (این این آئی) پشاور میں ٹریفک پولیس کی گاڑی سے شہری کو گھسیٹنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ پولیس کے مطابق ویڈیو میں نظر آنے والے پولیس اہلکار کو معطل کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ ویڈیو میں نظر آنے والا شخص گاڑی سے چھلانگ لگا کر فرار ہوگیا تھا، شہری کو قابو نہ کرنے پر ٹریفک اہلکار کو معطل کیا گیا ہے۔

ڈی پی او چکوال کا زیر تعمیر پولیس خدمت مرکز اعجاز آباد کا دورہ

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین نے زیر تعمیر پولیس خدمت مرکز اعجاز آباد کا اچانک دورہ کیا۔ ڈی پی او چکوال نے وزٹ کے دوران پولیس خدمت مرکز اعجاز آباد کی بلڈنگ کی جانچ پڑتال کی اور ہدایات جاری کیں کہ سائلین کی ہر ممکن حد تک دادرسی کی جائے۔ پولیس خدمت مرکز کے وزٹ کے دوران ڈی پی او چکوال نے پولیس خدمت مرکز پر عوام کو دی جانے والی سہولیات کو جلد آپریشنل کرنے کی ہدایات جاری کیں کہ سروسز کے معیار کو بہترین بنایا جائے

منشیات اور قتل کے مقدمات میں سزا کی شرح کو بڑھایا جائے

زیر تفتیش سنگین مقدمات کو جلد یکسو، مفرور ملزمان کو گرفتار کیا جائے، محبوب رشید آر پی او

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ساہیوال ریجن کے ریجنل پولیس آفیسر محبوب رشید نے کہا ہے کہ قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، راہزنی اور نقب زنی جیسے زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے اور اشتہاری مجرمان، ٹارگٹڈ آفینڈرز اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ وہ غیور ہال طیب سعید شہید پولیس لائنز میں انسداد جرائم جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ڈی پی او راشد ہدایت نے (بقیہ نمبر 28)

چکوال، ادھیڑ عمر شخص کو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا

چکوال (این این آئی) رتہ موہڑہ تھانہ ملہال مغلاں کے علاقے میں ادھیڑ عمر شخص کو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا۔ مقتول ملک قربان ولد محمد یوسف بعمر 53 سال رتہ موہڑہ کا رہائشی بتایا جاتا ہے۔ قتل کی وجہ تاحال معلوم نہ ہوسکی۔ وقوعہ صبح 10 بجے آئل فیلڈ رتہ موہڑہ کے قریب پیش آیا۔ وقوعہ کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین نے وقوعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دیں۔ ریسکیو ٹیم نے نعش کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چکوال منتقل کر دیا۔

”مخصوص نشستیں تحریک انصاف کا حق ہیں“ درخواست دائر

پشاور ہائیکورٹ کو مخصوص نشستوں کے معاملے پر مس لیڈ کیا گیا تھا‘ موقف

پشاور (این این آئی) مخصوص نشستوں سے متعلق پاکستان تحریک انصاف نے پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی۔ یہ درخواست پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے جنرل سیکرٹری علی اصغر نے دائر کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ مخصوص نشستیں تحریک انصاف کا حق ہیں۔ اس درخواست میں مؤقف اپنایا گیا ہے کہ مخصوص نشستوں سے متعلق کیس میں پی ٹی (بقیہ نمبر 29)

آئی جی اسلام آباد، ڈی جی کی کھلی کچہری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد اور ڈی جی نے کھلی کچہریوں میں پولیس افسران اور شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں ”اوپن ڈور پالیسی کے تحت“ کھلی کچہری کا انعقاد کیا، آئی جی اسلام آباد نے (بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے توسیعی اجلاس

راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے توسیعی اجلاس میں اہم فیصلے

جنگ و دیگر اداروں سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو نوکریوں سے جبری برطرف کرنے اور حکومت اداروں کی مجرمانہ خاموشی پر سخت تشویش کا اظہار اور مذمت

صحافیوں کے فیڈرل ہاؤسنگ کوٹہ میں 10 سالہ تاخیر کا ذمہ دار موجودہ کمیٹی قرار، کمیٹی کی ناکامی پر عدم اعتماد، فوری نئی کمیٹی تشکیل دینے کا مطالبہ

پروفیشنل جرنلسٹس کے ڈیجیٹل چینلز کی بندش زبان، آنکھ، کان اور اظہار رائے پر مارشلائی ضابطوں کا نفاذ ہے، وزیر اعظم ہیلتھ بلا تاخیر اور تفریق جاری کئے جائیں

اسلام آباد (پ۔ر) روزنامہ جنگ اور دیگر میڈیا اداروں سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو نوکریوں سے جبری طور پر برطرف کرنے اور عدالتی احکامات کو نظر انداز کرنے کے خلاف پر حکومتوں کی مجرمانہ خاموشی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں سینکڑوں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا جس طرح معاشی قتل عام کیا جا رہا ہے اور وزارت اطلاعات و نشریات سمیت تمام اداروں نے چپ (بقیہ نمبر 31)

امریکی محکمہ خارجہ کا بانی پی ٹی آئی سے متعلق سوال کا باضابطہ جواب دینے سے گریز

واشنگٹن (این این آئی) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ ٹیمی بروس نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے متعلق سوال کا باضابطہ جواب دینے سے ہی گریز کر دیا۔ ٹیمی بروس سے پوچھا گیا تھا کہ آیا بانی پی ٹی آئی کے جیل میں قید ہونے کو امریکا پاکستان کا داخلی معاملہ سمجھتا ہے؟ ٹیمی بروس نے صحافی سے کہا کہ اگر اس پر ٹرمپ انتظامیہ کا موقف جاننا ہو تو ترجمان وائٹ ہاؤس کیرولائن لیویٹ سے پوچھ لیں۔ (بقیہ نمبر 33)

لیاری‘ عمارت گرنے سے چند گھنٹے پہلے کی ویڈیو سامنے آ گئی

ویڈیو میں عمارت کی پارکنگ کے پلرز شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار نظر آ رہے ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی میں لیاری کے علاقے بغدادی میں گرنے والی عمارت کی واقعے سے چند گھنٹے قبل کی ویڈیو سامنے آ گئی۔ ویڈیو میں عمارت کی پارکنگ کے پلرز شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار نظر آ رہے ہیں جن میں سے سریے باہر نکلے ہوئے ہیں۔ اس مخدوش حالت کے باوجود پارکنگ میں گاڑیوں اور رکشوں کی بڑی تعداد نظر آ رہی ہے۔ ویڈیو عمارت کے مکینوں کی جانب سے بنائی گئی تھی۔ واضح رہے کہ بغدادی کے علاقے میں عمارت (بقیہ نمبر 32)

پی ٹی آئی کی تحریک صرف بیانات کی حد تک ہے، رانا ثناء اللہ

اگر انہوں نے سڑکوں پر انتشار پھیلانے کی کال دی تو بہت کم لوگ نکلیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا کہ تحریک انصاف کی تحریک کے حوالے سے کوئی تیاری نہیں، ان کی تحریک صرف بیانات کی حد تک ہے، اگر انہوں نے سڑکوں پر انتشار پھیلانے کی کال دی تو بہت کم لوگ نکلیں گے، اگر کسی نے انتشار پھیلانے کی کوشش کی تو مقدمات ہوں گے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ تحریک انصاف کی ضد اور ہٹ دھرمی ہے، تحریک انصاف کی تحریک میں (بقیہ نمبر 34)

نارووال، خاتون نے ایمبولینس میں بچے کو جنم دے دیا

نارووال (این این آئی) خاتون نے ایمبولینس میں بچے کو جنم دے دیا۔ بتایا گیا ہے کہ تحصیل ظفروال کے گاں چورا کلاں کے رہائشی مختار کی اہلیہ کی طبیعت خراب ہونے پر ریسکیو ایمبولینس کو کال کی گئی جس پر ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر خاتون کا ابتدائی طبی معائنہ کیا اور حالت نازک ہونے کے باعث فوری طور پر ایمبولینس میں شفٹ کیا تا کہ ہسپتال منتقل کیا جا سکے۔ تاہم راستے میں خاتون کی حالت مزید بگڑنے پر ریسکیو 1122 (بقیہ نمبر 35)

شوگر ڈیلرز نے حکومت کو گھما کر رکھ دیا، چینی پھر مہنگی

چینی ریٹیل میں 190 سے 200 روپے کلو تک جا پہنچی

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں چینی کی قیمت میں اضافہ ہوگیا۔ شوگر ڈیلروں نے پچھلے سال حکومت کو چینی مہنگی نہ ہونے کا یقین دلا کر چینی برآمد کی اجازت لی تھی اور بیرون ملک چینی بیچ کر ملک میں زرمبادلہ بڑھنے کی آس دلائی تھی، ڈالرز لانے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ حکومت نے یہ بھی کہا تھا کہ کرشنگ سیزن سے پہلے ملک میں نہ (بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان کا وزارت خارجہ میں استقبال کر رہے ہیں

16 سالہ لڑکی کے قتل کا معاملہ، مقدمہ پولیس کی مدعیت میں درج

اہل خانہ نے واقعہ کو خودکشی ظاہر کرنے کی کوشش کی تھی، پولیس نے تحقیقات کیں تو واقعہ قتل کا نکلا

راولپنڈی (این این آئی) روات کے علاقہ میں 16 سالہ لڑکی کے قتل کا معاملہ، واقعہ کا مقدمہ پولیس کی مدعیت میں تھانہ روات میں درج کرلیا گیا، اہل خانہ نے واقعہ کو خودکشی ظاہر کرنے کی کوشش کی تھی، پولیس نے تحقیقات کیں تو واقعہ قتل کا نکلا، ابتدائی تحقیقات کے مطابق لڑکی کے والد نے اسے فائرنگ کر کے قتل کیا۔ تفصیلات کے مطابق روات (بقیہ نمبر 37)

مضر صحت سگریٹ بنانے والی فیکٹری پر بڑی کارروائی

کروڑوں روپے مالیت کا غیر قانونی مال برآمد کرلیا گیا

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ کے نواحی علاقے بخشاپور میں حساس اداروں، ایف بی آر، رینجرز اور سندھ پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ایک بڑے غیر قانونی سگریٹ ساز گروہ کو گرفتار کرلیا ہے۔ کارروائی میں گوٹھ رسول بخش چاچڑ میں قائم ایک خفیہ فیکٹری کو سیل کر دیا گیا ہے جہاں مضر صحت اور غیر قانونی سگریٹ تیار کیے جا رہے تھے۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران فیکٹری سے ناقص کوالٹی کا خام (بقیہ نمبر 38)

کندھ کوٹ: بخشاپور میں غیر قانونی سگریٹ فیکٹری سے برآمد ہونے والا ناقص مال

مون سون کا زور دار سپیل، موسلا دھار بارشیں

نشیبی علاقے زیر آب، سڑکیں تالاب بن گئیں، متعلقہ حکام الرٹ

تمام مرکزی شاہراہوں، انڈر پاسز کو کلیئر رکھنے کی ہدایات جاری

لیسکو کے سسٹم میں خرابیوں سے 175 سے زائد فیڈرز ٹرپ کر گئے

لاہور (این این آئی) مون سون بارشوں کا زور دار سپیل برقرار ہے، لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں ہلکی اور کہیں موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقوں زیر آب آ گئے اور سڑکیں تالاب بن گئیں، لاہور میں موسلا دھار بارش سے بجلی کا ترسیلی نظام شدید متاثر ہوا اور لیسکو کے سسٹم میں خرابیوں سے 175 سے زائد فیڈرز ٹرپ کر گئے، محکمہ موسمیات نے آئندہ لاہور سمیت پنجاب کے بیشتر علاقوں میں شدید مون سون بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور (بقیہ نمبر 39)

سفاک باپ نے 16 سالہ لڑکی کو غیرت کے نام پر قتل کر دیا

پولیس حکام کا کہنا تھا کہ اہل خانہ نے واقعہ کو خودکشی ظاہر کرنے کی کوشش کی تھی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ روات کے علاقہ میں 16 سالہ لڑکی کو ٹک ٹاک اکاؤنٹ ڈیلیٹ نہ کرنے پر غیرت کے نام پر باپ نے قتل کر دیا مقدمہ پولیس مدعیت میں درج کرلیا گیا۔ پولیس مدعیت میں درج کیے گئے مقدمے میں موقف اختیار کیا گیا کہ اطلاع ملی ڈھوک چوہدریاں داخلی تخت پڑی روات میں اخلاق احمد نے اپنی بیٹی مسماۃ مہک شہزادی کو ٹک ٹاک اکاؤنٹ ڈیلیٹ کرنے کا کہا لیکن بیٹی نے اکاؤنٹ ڈیلیٹ نہ (بقیہ نمبر 40)

لاہور: شہر میں ہونے والی موسلا دھار بارش کے بعد نکاسی آب کا موثر نظام نہ ہونے کی وجہ سے گلبرگ کے علاقے میں پانی جمع ہے

لاہور میں 59 عمارتیں خطرناک قرار، فہرست جاری

59 خطرناک عمارتوں میں سے 33 داتا گنج بخش ٹاؤن میں واقع ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور کی ضلعی انتظامیہ نے شہر کی خطرناک عمارتوں کی فہرست جاری کر دی ہے جس میں 9 ٹاؤنز میں 59 بوسیدہ عمارتوں کو خطرناک قرار دے دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کی فہرست کے مطابق 59 خطرناک عمارتوں میں سے 33 داتا گنج بخش ٹاؤن میں واقع ہیں، ان 33 میں سے 26 خطرناک عمارتیں پرائیوٹ ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق 59 خطرناک عمارتوں میں سے 46 گھریلو اور 12 کمرشل ہیں جبکہ 22 ایسی (بقیہ نمبر 41)

نارووال: ریسکیو اہلکار نے ایمبولینس میں پیدا ہونے والے نوزائیدہ بچے کا گود میں اٹھا رکھا ہے

ضلع سیالکوٹ میں تاریخ رقم، تمام انتظامی عہدوں پر خواتین تعینات

یہ صوبے کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کی قیادت میں خواتین کیلئے ایک سنگِ میل ہے

سیالکوٹ (این این آئی) ملکی تاریخ میں پہلی بار، سیالکوٹ ضلع صوبائی بیوروکریسی میں صنفی شمولیت کے حوالے سے مثال بن گیا ہے، جہاں اب ایک خاتون ڈپٹی کمشنر اور چاروں تحصیلوں کی اسسٹنٹ کمشنرز بھی خواتین ہیں۔ یہ صوبے کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کی قیادت میں خواتین کے لیے ایک سنگِ میل ہے، گریڈ 19 کی افسر صبا اصغر علی نے باضابطہ طور پر 27 اپریل 2025 کو ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا چارج سنبھالا، یوں وہ اس ضلع کی پہلی خاتون ڈپٹی کمشنر بن گئیں۔ اپنے تقرر کے بعد سے ڈی سی صبا نے تعلیم، صحت، ماحولیاتی تحفظ اور عوامی (بقیہ نمبر 42)

موٹر وے پر پھسلن کے باعث کوسٹر گہرائی میں جا گری

17 مسافر زخمی، پھسلن کی وجہ سے کوسٹر بے قابو ہوگئی، ابتدائی اطلاعات

راولپنڈی (این این آئی) موٹر وے پر پھسلن کے باعث کوسٹر گہرائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں 17 مسافر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق موٹر وے ایم ون پر براہمہ اور سنگجانی کے درمیان افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جہاں ایک مسافر کوسٹر بارش کے باعث پھسلن کے سبب بے قابو ہو کر گہرائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں 17 افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 راولپنڈی کی امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے (بقیہ نمبر 43)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

خیرات میں ملی اکثریت سے مغرور ہوگئے، نبیل گبول اور طلال چوہدری کی تلخ کلامی

وزیر مملکت طلال چوہدری اور چیئرمین سی ڈی اے کا لہجہ بہت تلخ ہے، لگتا ہے یہ لوگ مغرور ہوگئے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی

سی ڈی اے کی جانب سے پراپرٹی کی ٹرانسفر فیس میں اضافہ کسی صورت قابل قبول نہیں، سی ڈی اے اضافے کو واپس لے، رفیع اللہ آغا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی (ایم این اے) نبیل گبول نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری اور چیئرمین کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے رویے پر اجلاس سے واک آؤٹ کر دیا اور حکومت گرانے کے لیے انتباہ کر دیا جبکہ نبیل گبول نے کہا ہے کہ وزیر مملکت طلال چوہدری اور چیئرمین سی ڈی اے کا لہجہ بہت تلخ ہے، لگتا ہے یہ لوگ (بقیہ نمبر 44)

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر ٹھوٹھہ ماڈل ویلیج میں کشمیر ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پیر پنجال میڈیکل سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں۔

حامد حمید اپنی اہلیہ رکن قومی اسمبلی ارم حامد کے ہمراہ آج سرگودھا آئیں گے

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سابق وفاقی وزیر مملکت و معاون خصوصی وزیر اعظم چوہدری حامد حمید اپنی اہلیہ رکن قومی اسمبلی ارم حامد کے ہمراہ آج 10 جولائی کو سرگودھا آئیں گے جہاں کارکنان ان کا شاندار استقبال کریں گے جس کے لئے استقبالیہ پوسٹر آویزاں کر کے انتظامات مکمل کر لئے گے۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن کے سابق وفاقی وزیر مملکت و سابق معاون خصوصی وزیر اعظم چوہدری حامد (بقیہ نمبر 45)

ایک افسر کو گریڈ 20 میں ترقی، 2 افسران کے تقرر و تبادلوں

تقرری کے منتظر محمد اجمل بھٹی کو ممبر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ تعینات کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ایک افسر کو گریڈ 20 میں ترقی دینے، 2 افسران کے تقرر و تبادلوں اور ایک افسر کو اضافی چارج سونپنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ تقرری کے منتظر محمد اجمل بھٹی کو گریڈ 20 میں ترقی دے کر ممبر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ تعینات، گریڈ 20 کے افسر ڈائریکٹر جنرل بیورو آف اسٹیٹکس پنجاب ساجد رسول (بقیہ نمبر 47)

ٹینس بالز میں منشیات چھپا کر بیرون ملک سمگل کرنے کی کوشش ناکام

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات سمگلنگ کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لیں۔ ترجمان کے مطابق مجموعی طور پر 4 الگ الگ کارروائیوں میں 240.915 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، جن کی مالیت ایک کروڑ 86 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے، جب کہ 3 ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ پہلی کارروائی (بقیہ نمبر 46)

لاہور، کتے نے بچے کو کاٹ لیا، مالک گرفتار، وزیر اعلیٰ کا نوٹس

لیبرا نسل کا کتا بھی انویسٹی گیشن پولیس نے تحویل میں لے لیا، مقدمہ بھی درج

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے اچھرہ میں کتے نے ایک بچے کو کاٹ لیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کتے کے مالک کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے کہا کہ لیبرا نسل کا کتا بھی انویسٹی گیشن پولیس نے تحویل میں لے لیا، ملزم انور کے خلاف متاثرہ بچے کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا، ملزم انور اپنے پالتو کتے کے ہمراہ باہر نکلا تھا۔ (بقیہ نمبر 48)

”اسٹوڈنٹ کارڈ“ کا ابتدائی مسودہ تیار کرلیا گیا

مذکورہ کارڈ متعدد سہولیات کا حامل، بیک وقت کئی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکے گا

مخصوص حد سے زیادہ نمبر والے طلبہ خودکار طریقے سے اس کیٹیگری میں شامل ہو جائیں گے‘ وزیر تعلیم

لاہور: وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کو برطانیہ اور اٹلی کے کامیاب دورے کے بعد پاکستان واپسی پر ریورنڈ ڈاکٹر مجید ایبل اور دیگر خوش آمدید کہہ رہے ہیں۔

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ کے لیے ایک نیا اقدام متعارف کروایا جا رہا ہے جسے ”اسٹوڈنٹ کارڈ“ کا نام دیا گیا ہے۔ یہ کارڈ متعدد سہولیات کا حامل ہوگا اور بیک وقت کئی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاسکے گا۔ اسٹوڈنٹ کارڈ کے ذریعے نہ صرف طلبہ کو ملکی اور بین الاقوامی جامعات میں اسکالرشپس فراہم کی جائیں گی بلکہ سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ یکساں طور پر اس سے استفادہ کر سکیں گے۔ اس نظام کے تحت طلبہ کا (بقیہ نمبر 49)

ہائیکورٹ نے 21 بھٹہ مزدوروں کو بازیاب کروا کر رہا کر دیا

بازیاب ہو کر رہا ہونے والوں میں خواتین، بچے اور مرد شامل

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 21 بھٹہ مزدوروں کو بازیاب کروا کر رہا کر دیا، بازیاب ہو کر رہا ہونے والوں میں خواتین، بچے اور مرد شامل ہیں۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے شہری شاہد مسیح اور اشتیاق مسیح کی درخواستوں پر سماعت کی، ڈجکوٹ ضلع (بقیہ نمبر 50)

پی آر اے کے افسر محمد آصف کو کمشنر انفورسمنٹ لاہور کا اضافی چارج سونپ دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی کے گریڈ 19 کے افسر محمد آصف کو کمشنر انفورسمنٹ لاہور کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔ ترجمان پی آر اے کے مطابق محمد آصف ایڈیشنل کمشنر ہیڈ کوارٹر پنجاب ریونیو اتھارٹی کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی ہدایت پر باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

پتوکی، دیوار گرنے سے دو بچے جاں بحق، وزیر اعلیٰ کا نوٹس

دونوں بچوں کے ورثاء کو 10، 10 لاکھ روپے کے امدادی چیک تقسیم

پتوکی (این این آئی) بارش کے باعث دیوار گرنے سے 2 بچے جاں بحق ہونے کا معاملہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا نوٹس دونوں بچوں کے ورثاء کو 10، 10 لاکھ روپے کے امدادی چیک تقسیم۔ پتوکی نواحی گاؤں دس روز قبل کوٹ رانجھا میں (بقیہ نمبر 51)

عیسپاک حکومت کو درخت نہ کاٹنے کی سفارش پر مبنی رپورٹ جمع کروائے‘ لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ کے تدارک سے متعلق درخواستوں پر گزشتہ سماعت کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ جسٹس شاہد کریم کی جانب سے دو صفحات پر مشتمل تحریری عبوری حکم جاری کیا گیا، جس میں عیسپاک اور دیگر اداروں کو ماحولیاتی تحفظ اور درختوں کے کٹاؤ سے متعلق واضح ہدایات دی گئی ہیں۔ تحریری حکم میں عدالت نے ہدایت کی ہے کہ عیسپاک ییلو گرین پراجیکٹ میں کینال روڈ سے درختوں کی کٹائی کی کوئی تجویز نہ (بقیہ نمبر 52)

فیصل آباد: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی فیکلٹی آف آرٹس اینڈ ہیومینیٹیز کی ڈین ڈاکٹر شازہ رمضان پینٹنگ ورکشاپ کا دورہ کر رہی ہیں

گوداموں سے کروڑوں کی غیر ملکی اسمگلڈ اشیاء برآمد

کسٹمز انسداد اسمگلنگ آرگنائزیشن اور رینجرز کے مشترکہ آپریشن کے دوران ٹرمینل پر قائم مختلف گوداموں کی تلاشی لی گئی: ترجمان کسٹمز

ضبط شدہ سامان کو قانونی کارروائی، جانچ پڑتال اور حتمی تخمینے کے لیے کسٹمز گودام منتقل کر دیا گیا ہے، مقدمہ کسٹم ایکٹ کے تحت درج

کراچی (این این آئی) کراچی کسٹمز اور رینجرز نے کارروائی کرتے ہوئے گوداموں سے کروڑوں کی غیر ملکی اسمگلڈ اشیاء برآمد کرلیں۔ کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ کراچی کے اینٹی اسمگلنگ آرگنائزیشن (اے ایس او) نے رینجرز کے ساتھ مشترکہ آپریشن کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی غیر ملکی اسمگلڈ اشیاء برآمد کیں۔ ترجمان کسٹمز کے مطابق کسٹمز انسداد اسمگلنگ آرگنائزیشن اور رینجرز کے مشترکہ آپریشن کے دوران ٹرمینل پر قائم مختلف گوداموں کی (بقیہ نمبر 53)

فلیٹ میں مردہ پائی گئی حمیرا اصغر کی لاش کا پوسٹ مارٹم مکمل

لواحقین سے رابطہ ہوگیا، خاتون نے 2018 میں فلیٹ کرائے پر لیا تھا

کراچی (این این آئی) ڈیفنس فیز 6 میں فلیٹ میں مردہ پائی گئی اداکارہ حمیرا اصغر کی لاش کا پوسٹ مارٹم مکمل کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق حمیرا کا تعلق لاہور سے تھا، اداکارہ کی لاش سرد خانے منتقل کر دی گئی ہے اور مرحومہ کے لواحقین سے رابطہ ہوگیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ خاتون نے 2018 میں فلیٹ کرائے پر لیا تھا 2024 سے کرایہ نہ دینے پر مالک نے کیس کر رکھا تھا، پولیس عدالتی حکم پر فلیٹ خالی کرانے پہنچی تو دروازہ لاک تھا، پولیس دروازہ توڑ کر داخل ہوئی تو خاتون کی لاش ملی۔ واقعے کے بعد عدالتی بیلف نے فلیٹ سیل کر دیا جب کہ واقعہ کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق مرحومہ (بقیہ نمبر 54)